یکے از مطبوعات سالانہ المصداق حیدرآباد

روضات

شریعت و طریقت کے موضوع پر ایک اہم فارسی تصنیف
کا اردو ترجمہ مع فارسی متن

تالیف لطیف

منسوب بہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہٗ

مترجم

مولوی ثناءُ اللہ ندوی

باہتمام

شاہ انجم بخاری

مجلس شیخ عبدالحق محدث دہلوی حیدرآباد سندھ پاکستان

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

یکے از مطبوعات سالانہ المصداق حیدرآباد

روضات

شریعت وطریقت کے موضوع پر ایک اہم فارسی تصنیف
کا اردو ترجمہ مع فارسی متن

تالیف لطیف
منسوب بہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ

مترجم
مولوی ثناء اللہ ندوی

باہتمام
شاہ انجم بخاری

مجلس شیخ عبدالحق محدث دہلوی حیدرآباد سندھ پاکستان

Marfat.com

یکے از مطبوعات

سالانہ المصداق حیدر آباد

138526

کتابی سلسلہ نمبر ۷ ☆ ۲۰۰۴ء۔۲۰۰۳ء

نام کتاب : روصات (فارسی)

تالیف لطیف : منسوب بہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہٗ

موضوع کتاب : شریعت و طریقت

اُردو ترجمہ بعنوان : روضۂ روضات

مترجم : مولوی ثناء اللہ ندوی

اشاعت اوّل : ۱۹۶۴ء۔ ادارۂ تحقیق و تصنیف کراچی۔

مقدمہ نگار : مفتی انتظام اللہ شہابی

اشاعت ثانی : ماہ ربیع الاوّل ۱۴۲۴ھ / مئی ۲۰۰۳ء

ناشر : مجلس شیخ عبدالحق محدث دہلوی حیدر آباد سندھ

ضخامت : ۹۶ صفحات

باہتمام : شاہ انجم بخاری (مدیر منتظم)

پتا برائے رابطہ : ۵۵۶۔ امانی شاہ کالونی، یونٹ نمبر ۱۱، لطیف آباد، حیدر آباد (سندھ)

پوسٹ کوڈ: ۷۱۸۰۰، فون نمبر: ۸۶۷۱۲۰

کمپوزنگ : محمد مرتضیٰ میو، فون نمبر: ۸۱۰۵۴۶

ہدیہ : دعائے خیر بحق معاونین

نوٹ : بیرونی حضرات بیس (۲۰) روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

فہرست مضامین

مضامین	صفحہ
حضرت شیخ محدث اور رسالہ روضات (تعارف و چند معروضات) از شاہ انجم بخاری	۹
رسالہ روضات پر ایک نظر از پروفیسر خادم حسین قریشی	۱۷
مقدمہ کتاب از مفتی انتظام اللہ شہابی اکبر آبادی	۲۱
روضات: (اُردو ترجمہ)	۲۵
حمد:	۲۵
نعت:	۲۵
منقبت صحابہ	۲۶
مناجات	۲۶
فصل	۲۶
سبب تالیف کتاب	۲۷
رسالہ کا نام و خصوصیات	۲۷
روضۂ دنیا کی حقیقت	۲۷
دنیا کی ابتداء و انتہا	۲۸
دنیا و طالب دنیا کی مثال	۲۹
ترک دنیا	۲۹
ذریعۂ نجات خدا کی اطاعت ہے	۳۰
طریقت شریعت کی وضاحت ہے	۳۰
کافر و بدعتی کی معرفت تک رسائی نہیں	۳۱
ناکامی کا سبب اطاعتِ رسول میں کمی ہے	۳۱
ایک سوال	۳۲
اتباع کا طریقہ	۳۲

Marfat.com

قصۂ فرہاد ---------- ۳۳
نقال کون ہے ---------- ۳۴
متابعت رسول اللہ ﷺ ---------- ۳۴
ظاہر و باطن کی پاکیزگی ---------- ۳۵
شرع کا ظاہر سے تعلق اور اس کا مطلب۔ ایک مثال ---------- ۳۵
دوسری مثال ---------- ۳۶
روضہ۔ قطع تعلقات کا بیان ---------- ۳۶
طلب و ارادہ کا قطع تعلق ---------- ۳۷
عشق و محبت میں غیر سے قطع تعلق ---------- ۳۷
حسنِ حقیقی ---------- ۳۷
ایک نظم ---------- ۳۸
قصد و ہمت کا ترک ---------- ۳۹
علم و معرفت کی رو سے قطع تعلق ---------- ۳۹
قطع از روئے اضافت و نسبت ---------- ۳۹
عزم و نیت کا ترک ---------- ۴۰
قطع از روئے ذکر و اشغال ---------- ۴۰
قطع از روئے خیال و ذکر ---------- ۴۰
معائنہ و شہود کی رو سے قطع تعلق ---------- ۴۱
تحقیق و وجود کی رو سے قطع التعلق ---------- ۴۱
قطع از روئے اعتماد و التجا ---------- ۴۱
قطع از روئے خوف و رجا ---------- ۴۲
ترک از روئے رضا ---------- ۴۲
نظم۔ مولانا جامی ---------- ۴۳
تفسیر آیت کریمہ و تبتل الیہ تبتیلا ---------- ۴۳

Marfat.com

حق کے لیے مخلوق سے وابستگی ---------- ۴۴

حدیث سے اس کی تائید ---------- ۴۴

عشق، کمالِ طاعت کا باعث ہے ---------- ۴۵

آماجگاہ عشق ---------- ۴۶

عشق کی مجبوری ---------- ۴۶

عشق کے بغیر راہ شریعت طے نہیں ہوتی ---------- ۴۶

روضہ۔ شریعت، طریقت وحقیقت ---------- ۴۷

سوال۔ شریعت وطریقت کا فرق کیا ہے؟ ---------- ۴۷

جواب۔ شریعت وطریقت میں نسبت ---------- ۴۷

نسبت مساوات ---------- ۴۷

سوال اور اس کا جواب ---------- ۴۸

طریقت کی تفسیر ---------- ۴۹

پہلی دلیل ---------- ۴۹

دوسری دلیل ---------- ۴۹

تیسری دلیل ---------- ۵۰

چوتھی دلیل ---------- ۵۰

سوال ---------- ۵۰

جواب ---------- ۵۱

کمال شریعت ---------- ۵۱

روضہ۔ شریعت کے مدارج ---------- ۵۲

روضہ۔ ثبوت طریقت ---------- ۵۲

روضہ۔ طریقت سنت رسول ﷺ ہے ---------- ۵۲

متبع سنت ---------- ۵۳

روضہ عقائد شریعت وحقیقت میں فرق نہیں ---------- ۵۴

Marfat.com

عین حق وغیر حق کی بحث ---------- ۵۴
عینیت وغیریت کی مثال ---------- ۵۴
عینیت کے سمجھنے میں غلطی ---------- ۵۵
ذات حق کی تلاش کیوں؟ ---------- ۵۶
جواب ---------- ۵۷
اخفاء حال کا حکم ---------- ۵۸
اخفاء کی قسمیں ---------- ۵۸
وحدت وجود پر سوال ---------- ۵۹
جواب ---------- ۵۹
وجدان ذریعہ علم ہے ---------- ۵۹
سوال کیا احادیث میں یہ مضامین ہیں ---------- ۶۰
بعض احادیث میں یہ مضامین ہیں ---------- ۶۰
بعض احادیث چند صحابہ کو معلوم تھیں ---------- ۶۰
حضرت ابوہریرہ کی ایک حدیث ---------- ۶۱
اس علم کے اخفا کا سبب ---------- ۶۱
عوام کو باطنی معنیٰ معلوم نہیں ---------- ۶۱
باطنی معنی ظاہر آیات احادیث کے خلاف نہیں ---------- ۶۲
تین مخفی اسرار ---------- ۶۲
اسرار عشق ---------- ۶۲
انوار توحید ---------- ۶۲
اخبار کرم ورحمت ---------- ۶۲
بعض اذکار واشغال کی بحث ---------- ۶۳
خلاف شرع عمل کا حکم ---------- ۶۳
اولیاء کرام کے خلاف شرع اعمال کے متعلق سوال ---------- ۶۳

Marfat.com

شاہ شجاع کرمانی کی حکایت ---------------- ۶۴
خلاف شرع اعمال بتانے کا سبب ---------------- ۶۴
بے سجادہ رنگین کن کی تفسیر ---------------- ۶۴
علماء ظاہر و باطن ہم عقیدہ ہیں ---------------- ۶۵
وحدت وجود و تعینات پر سوال اور اس کا جواب ---------------- ۶۶
آئینہ کی مثال ---------------- ۶۶
روضہ عین ذات کی جلوہ گری ---------------- ۶۷
وجود کے بغیر نمود کیوں کر ممکن ہے؟ ---------------- ۶۸
روشنی و شیشہ کی مثال ---------------- ۶۸
سالک کا عقیدہ ---------------- ۶۹
محالات عقل ---------------- ۶۹
روضہ: وحدت وجود اور شریعت ---------------- ۷۰
تائیدی آیات ---------------- ۷۰
موید احادیث ---------------- ۷۰
اجماع ---------------- ۷۰
محقق کی قسمیں: صاحب صحو و صاحب سکر ---------------- ۷۱
صاحب صحو ---------------- ۷۱
صاحب سکر ---------------- ۷۲
غلبۂ سکر میں امتیاز نہیں رہتا ---------------- ۷۲
نظم اور اس کا ترجمہ ---------------- ۷۲
مقام سکر ---------------- ۷۳
ایجاد عالم کی غرض ---------------- ۷۳
صاحب صحو کی حالت ---------------- ۷۴
سلطان العارفین کا مقولہ اور توبہ ---------------- ۷۴

Marfat.com

توبہ کا سبب ---------- ۷۴
اظہار و اخفا میں غلبۂ حال کا فرق ---------- ۷۵
اقسام ملاحدہ ---------- ۷۵
محققین کی رائے ---------- ۷۶
ملاحدہ کا عقیدۂ وحدتِ وجود ---------- ۷۶
صوفیہ کا وحدتِ وجود ---------- ۷۷
مشرک کی تعریف ---------- ۷۷
روضہ معرفتِ حق ---------- ۷۷
چار عمل ---------- ۷۹
صفتِ تواضع ---------- ۷۹
تکبر بدترین گناہ ہے ---------- ۸۰
آداب ---------- ۸۰
اولیاء وعلماء کی عزت ---------- ۸۰
بے ادبی ابوجہل وابولہب کا طریقہ ہے ---------- ۸۱
رسالہ روضات کے فارسی متن کا عکس ---------- ۸۲
فہرستِ آیاتِ قرآنی ---------- ۹۵

حرفِ تشکر

''روضات'' کی تحقیق و اشاعت کے سلسلے میں ہم اپنے سرپرست و کرم فرما جناب صاحب زادہ محمد فرحین الدین ہٹی (لاہور) اور جناب محمد ناظر الدین ہٹی (کراچی) کے مالی تعاون کے شکرگزار ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان کے تعاون کو قبول فرمائے اور انھیں دنیا و آخرت میں اس کا بہترین اجر عطا فرمائے، آمین۔ اُمید کی جاتی ہے کہ خانوادۂ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ کے یہ چشم و چراغ مجلس ہذا سے آئندہ بھی اسی طرح تعاون فرماتے رہیں گے۔

احقر شاہ انجم بخاری عفی عنہ

بانی و خادم مجلس شیخ عبدالحق دہلوی حیدرآباد، سندھ، پاکستان۔

Marfat.com

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور رسالہ روضات

(تعارف و چند معروضات)

(۱)

بسم اللہ الرحمن الرّحیم۔ والصّلوٰۃ والسّلام علیٰ رسولہ الکریم

حضرت شیخ عبدالحق مُحدّث دہلوی قدس سرّہٗ العزیز (۹۵۸ھ۔۱۰۵۲ھ) عہدِ اکبری کے مشہور و معروف عالمِ ربانی اور ولیِ لاثانی تھے۔ آپ کی علمی و دینی خدمات سے اہلِ علم بخوبی واقف ہیں۔ مذکور الصدر عنوان کے مطابق اس مضمون کے دو حصّے ہیں۔ پہلے عامۃُ النّاس کی آگاہی و تعارف نیز حصولِ برکت کے لیے یہاں چند کلماتِ خیر درج کیے جاتے ہیں۔ جب کہ دوسرا حصّہ رسالہ روضات کے سلسلے میں چند معروضات پر مشتمل ہے۔

ہندوستان کی تاریخ، بالخصوص عہدِ اکبری پر نظر رکھنے والے خوب جانتے ہیں کہ ہندوستان کی مذہبی فضا کس قدر مکدّر ہو چکی تھی، ہر طرف بدعات اور الحاد، کا بازار گرم تھا۔ دینِ الٰہی کا اجرا (۹۸۹ھ) ہو چکا تھا۔ جس سے دل برداشتہ ہو کر شیخ محقق علیہ الرحمہ نے حجازِ مقدّس (۹۹۶ھ) میں مستقل قیام کا فیصلہ کیا۔ یہاں رہ کر اس زمانے کے مشاہیر محدّثین اور صوفیہ سے آپ نے بھرپور علمی و

Marfat.com

روحانی استفادہ کیا، نیز علمِ حدیث کی تحصیل کی۔ ان اساتذہ اور صوفیہ کا تفصیلی تذکرہ ''زاد المتقین'' ۱☆ میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ اعلیٰ تعلیم و تربیت کے بعد آپ متعدد غیبی اشاروں نیز اپنے شیخ و مربی شیخ عبدالوہاب متقی علیہ الرحمہ کے حکم پر وطن واپس آئے (۱۰۰۰ھ) اور دہلی (شمالی ہند) میں ''مسند درس وارشاد'' بچھائی۔ یہاں آپ نے ہزاروں طالبانِ علوم مصطفیٰ ﷺ کو فیض یاب کیا۔

جناب پروفیسر خلیق احمد نظامی نے شمالی ہندوستان میں اس مردِ حق آگاہ کی دینی خدمات کو اُجاگر کرتے ہوئے جو تجزیہ پیش کیا ہے جی چاہتا ہے، اُسے ہدیۂ قارئین کروں، آپ لکھتے ہیں کہ:

''شمالی ہندوستان میں اس زمانے میں یہ پہلا مدرسہ تھا جہاں سے شریعت و سنّت کی آواز بلند ہوئی۔ اس مدرسے کا نصاب تعلیم دوسری درس گاہوں سے بالکل مختلف تھا۔ یہاں قرآن و حدیث کو تمام علوم دینی کا مرکزی نقطہ قرار دے کر تعلیم دی جاتی تھی ... درس و تدریس کا یہ ہنگامہ شیخ محدّث علیہ الرحمہ نے اپنی زندگی کے آخری لمحات تک برپا رکھا ... شیخ محدّث کا یہ دارالعلوم اُس طوفانی دور میں شریعت اسلام اور سنّتِ نبوی ﷺ کی سب سے بڑی پشت پناہ تھا۔ مذہبی گمراہیوں کے بادل چاروں طرف منڈلائے، مخالف طاقتیں بار بار اس دارالعلوم کے بام و در سے آ کر ٹکرائیں، لیکن شیخ محدث کے پائے ثبات میں ذرا بھی جنبش پیدا نہ ہوئی۔ اُن کے عزم و استقلال نے وہ کام انجام دیا جو اُن حالات میں ناممکن نظر آتا تھا:

ہوا ہے گو تند و تیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے
وہ مردِ ہُشیار جس کو حق نے دیے ہیں اندازِ خسروانہ

(حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی، ص ۲۳۔۱۲۲)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ نے متعدد روحانی سلاسل سے فیض پایا ہے۔ آپ کو قادریہ، چشتیہ، شاذلیہ، مدنیہ اور نقشبندیہ میں بھی بیعت و اجازت حاصل تھی مگر آپ کو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ سے جو قلبی وابستگی تھی اس کا حال تو سبھی کو معلوم ہے۔

۱☆ ''زاد المتقین فی سلوک طریق الیقین'' از حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا اُردو ترجمہ کراچی سے شائع ہو گیا ہے۔ اس کے مترجم مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی ہیں۔ یہ کتاب الرحیم اکیڈمی اے ۷/۱۷ اعظم نگر پوسٹ آفس، لیاقت آباد کراچی سے =/۱۵۰ روپے میں مل سکتی ہے۔ ش الف۔

Marfat.com

دہلی میں اس وقت (قیامِ خواجہ علیہ الرحمہ ۱۰۰۶ھ تا ۱۰۱۲ھ) حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ العزیز (۲/۱۷۹۷ھ۔۱۰۱۲ھ) کی مسند ارشاد مرجع خلائق تھی۔ محمد صادق ہمدانی نے ''کلمات الصادقین'' میں لکھا ہے کہ شیخ محدّث نے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی اشارے پر حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ کے دستِ حق پرست پر بیعت کی تھی''۔ (بحوالہ حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی ص ۱۳۴)۔ چنانچہ آپ نے حضرت خواجہ علیہ الرحمہ کی خدمت میں رہ کر اس طریقۂ عالیہ کے وظائف کی مشق اختیار کی۔ اس دوران حضرت مجدّد الف ثانی (۹۷۱ھ۔۱۰۳۴ھ) بھی حضرت خواجہ کے مرید اور شیخ محقق کے پیر بھائی بنے۔

حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ کے ان دونوں تربیت یافتہ شہ بازوں نے ظلمات اکبر کے خلاف اپنے اپنے انداز سے جہاد کا آغاز کیا اور بالآخر کامیاب ہوئے۔

حضرت شیخ علیہ الرحمہ کو ایک کثیر التصانیف مُصنّف، مؤلف، مُرتّب، محقق، محدّث، عالم باعمل، صوفیِ باصفا، عاشقِ مصطفیٰ ﷺ اور ولی دائم الحضوری کی حیثیت سے عالمِ اسلام میں شہرت دوام حاصل ہے۔

آپ کی ایمان افروز کتب حقّہ میں، مدارج النبوۃ، اشعۃ اللمعات، اخبار الاخیار، زاد المتقین، جذب القلوب، مرج البحرین، تکمیل الایمان، شرح سفر السعادۃ، شرح فتوح الغیب، تحصیل التعرف فی معرفۃ الفقہ والتصوّف، تائید مذہب النعمان، رسالہ نوریہ سلطانیہ، ماثبت من السنۃ اور المکاتیب والرسائل کو تو بہت زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔

آپ کی تصانیف کی فہرست بڑی طویل ہے۔ جناب پروفیسر خلیق احمد نظامی نے اپنی مشہور تالیف ''حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی'' میں ساٹھ کتابوں کی فہرست مرتّب کی ہے۔ ان میں سے امتدادِ زمانہ کی دست برد سے جو کتابیں بچ رہی ہیں اور جن کے مخطوطات پاک و ہند کے کتاب خانوں میں آج بھی پائے جاتے ہیں کم از کم انھیں تو محفوظ کر کے لائق استفادہ بنایا جا سکتا ہے۔ یہ محکمۂ اوقاف کے ساتھ ساتھ اہلِ ثروت اور اہلِ علم کا بھی اوّلین فرض ہے کہ وہ آگے بڑھیں اور اس عظیم علمی ورثے کو ضائع ہونے سے بچائیں۔

Marfat.com

(۲)

شریعت وطریقت کے موضوع پر حضرت شیخ محقق علیہ الرحمہ سے منسوب ایک فارسی رسالہ ''روضات'' بھی سامنے آیا ہے۔ اس کا ایک خطی نسخہ ڈاکٹر ایوب قادری کے کتاب خانے میں موجود تھا۔ جسے کراچی کے ادارۂ تحقیق وتصنیف نے ۱۹۶۴ء میں پہلی بار اُردو ترجمے کے ساتھ ۲۳x۳۶/۱۶ کے سائز پر شائع کیا۔ اُردو ترجمہ مولوی ثناء اللہ ندوی کا کردہ ہے۔ آپ نے ترجمے کے علاوہ اس کے عنوانات بھی قائم کیے ہیں جس سے ایک ہی نظر میں کتاب کے مشمولات کا تعارف حاصل ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں آیات قرآنیہ کی تخریج، مفصل فہرست عنوانات اور بعض حواشی کے اہتمام سے اس کی افادیت میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔

اس کتاب پر جناب مفتی انتظام اللہ شہابی نے مقدمہ تحریر کیا ہے۔ اپنے مقدمے میں موصوف نے ''اندازِ تحریر اور داخلی شہادت'' کی بناء پر اسے حضرت شیخ محقق علیہ الرحمہ کی تصنیف قرار دیا ہے۔

حالانکہ اندازِ تحریر اور شہادت کلام ہی کی بناء پر اس کا حضرت شیخ محدث سے انتساب محلِ نظر معلوم ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں خارجی شواہد سے بھی مفتی صاحب کے دعوے کی تائید نہیں ہوتی۔

راقم الحروف نے اس گتھی کو سُلجھانے کے لیے ملک کے معروف اہلِ علم ۱☆ سے رابطہ کیا تو معلوم ہوا کہ یہ کتاب تو اکثر علمائے کرام اور اسکالر حضرات کی نظر ہی سے نہیں گزری۔

۱☆ جناب ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں (حیدر آباد)
جناب ڈاکٹر مسعود احمد (کراچی)
جناب پیرزادہ علامہ اقبال احمد فاروقی (لاہور)
جناب علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری (لاہور)
جناب ڈاکٹر عارف نوشاہی (اسلام آباد)
جناب ڈاکٹر خضر نوشاہی (ساہن پال شریف)
جناب ڈاکٹر سفیر اختر (اسلام آباد)
جناب صاحبزادہ سیّد محمد زین العابدین شاہ راشدی (کراچی)
جناب پروفیسر خادم حسین قریشی (حیدر آباد)

Marfat.com

ہمارے دیرینہ کرم فرما جناب ڈاکٹر خضر نوشاہی اور پروفیسر خادم حسین قریشی کی رائے کے مطابق اسے مکرر شائع کرنا ضروری ہے۔ علاوہ ازیں مجلس ہذا کے دیگر محترم احباب کے مشوروں کے پیشِ نظر بھی یہی طے پایا کہ اس رسالے کو مکرر شائع کیا جائے تاکہ اہلِ علم اس کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ لے سکیں۔ سو اس غرض سے ''روضات'' کا اُردو ترجمہ مع فارسی متن اہلِ علم کی نذر کیا جارہا ہے۔ زیرِنظر اشاعت میں اُردو ترجمے کی ازسرِ نو مشینی کتابت کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔

اُمید ہے کہ ہماری مندرجہ ذیل معروضات کے پیشِ نظر محققین حضرات اس کتاب کا تحقیقی مطالعہ کریں گے اور اپنی وقیع رائے سے ہمیں ضرور مطلع فرمائیں گے۔

اب احقر ''روضات'' کے سلسلے میں چند معروضات نکات وار بیان کرنے کی جسارت کرتا ہے:

- حضرت شیخ محدث علیہ الرحمہ کی کسی فہرستِ تصانیف میں اس رسالے کا تذکرہ نہیں ہے۔
- حضرت شیخ محدث کے سوانح نگاروں [مثلاً منشی برکت اللہ ھٹی مؤلف مرأۃ الحقائق۔ سیّد محمد قادری مؤلف تذکرہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی۔ اور پروفیسر خلیق احمد نظامی مؤلف حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی] نے اپنی تالیفات میں اس رسالے کے بارے میں کسی قسم کی کوئی اطلاع نہیں دی ہے۔
- زیر بحث رسالے کا کوئی دوسرا خطی نسخہ بھی (کم ازکم ہماری محدود معلومات کے مطابق) اب تک دریافت نہیں ہوسکا۔
- زیرِنظر رسالہ ۱۲۵۷ھ کا مخطوطہ ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ دور حضرت شیخ محدث علیہ الرحمہ کے زمانے (۹۵۸ھ۔۱۰۵۲ھ) سے بہت بعد کا ہے۔
- اس رسالے کے بارے میں اب تک کوئی ہم عصر شہادت بھی دستیاب نہیں ہوسکی۔
- حضرت شیخ محدث علیہ الرحمہ کی تصنیفات وتالیفات کے آغاز یا اختتام پر بالعموم آپ کا نام نامی اسمِ گرامی ضرور ہوتا ہے بہ استثنائے چند مثلاً ''شرح فتوح الغیب'' اور ''رسالہ نوریہ سلطانیہ'' کے۔ حضرت شیخ محدث علیہ الرحمہ نے ''شرح فتوح الغیب'' کے آغاز میں اپنا نام اس لیے نہیں لکھا کہ وہ اسے خلاف ادب سمجھتے تھے جیسا کہ خود آپ نے تحریر بھی کیا ہے۔ اور ''رسالہ نوریہ سلطانیہ''

Marfat.com

میں اس لیے اپنا نام نہیں لکھا کہ بادشاہ اسے پسند نہیں کرتے تھے کہ جو کتاب ان کو مخاطب کر کے لکھی جائے اس کے آغاز میں مُصنّف اپنا نام تحریر کرے۔

□ کتاب کا اسلوب ہی جناب مفتی انتظام اللہ شہابی کے دعوے کی نفی کرتا ہے۔ جیسا کہ شریعت، طریقت، معرفت اور حقیقت کی بحث کے دوران ''روضات'' میں اختیار کیا گیا ہے۔ یہ طرز نگارش شیخ صاحب کا نہیں ہے۔ اس بات کا ثبوت تصوّف کے موضوع پر ان کی مشہور کتابوں مثلاً ''مرج البحرین فی الجمع بین الطریقین'' اور ''تحصیل التعرف فی معرفۃ الفقہ والتصوّف'' کے تقابلی موازنے سے بھی مل جاتا ہے۔

□ حضرت شیخ محقق ومحدث علیہ الرحمہ کے حجاز مقدس تشریف لے جانے سے قبل کی فہرست کتب پر نظر ڈالی جائے تو اس میں ''روضات'' کا کہیں ذکر نہیں ملے گا اور حجاز مقدس سے واپسی کے بعد خود آپ کی مرتبہ فہرست کتب، بعنوان ''تالیف قلب الالیف بذکر فہرس التوالیف'' جو مطبع مجتبائی دہلی سے ۱۳۰۹ھ میں شائع ہو چکی ہے (بحوالہ حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی ص ۲۰۲) میں بھی اس کتاب کا ذکر نہیں ہے۔

کتاب کے بعض مباحث تو ایسے ہیں جن پر گفتگو کرنے سے آپ کے شیخ ومربی حضرت شیخ عبدالوہاب متقی قدس سرہٗ نے سختی سے منع فرمایا تھا مثلاً وحدۃ الوجود، تجدّد امثال، اعیان ثابتہ اور تنزلات ستہّ وغیرہ، اس لیے یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ آپ ان مسائل پر گفتگو فرماتے جب کہ ''روضات'' میں ان مسائل پر قدرے تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔

□ حضرت شیخ محدث نے اپنی تصنیفات میں جا بجا بر محل اشعار کا استعمال کیا ہے جو زیادہ تر آپ ہی کی فکر عالی کا نتیجہ ہوتے ہیں کیوں کہ آپ ایک قادر الکلام شاعر بھی تھے علاوہ ازیں ان اشعار میں کوئی نہ کوئی ایسا شعر بھی نظر آ جاتا ہے جس میں آپ کا تخلص ''حقی'' کا استعمال کیا گیا ہو۔ لیکن ''روضات'' میں کہیں بھی آپ کے تخلص ''حقی'' کا استعمال نہیں ہوا ہے۔ اگر چہ اس کتاب میں بھی جا بجا اشعار درج ہیں مگر وہ دیگر شعراءؔ مثلاً حافظؔ، جامیؔ وغیرہم کا کلام ہے چونکہ کئی مقام پر شاعر کا نام نہیں دیا گیا لہٰذا شاعر کے بارے میں یقین سے کہنا مشکل ہے۔

□ اس کتاب میں بعض اقوال صوفیہ کو بطور احادیث پیش کیا گیا ہے۔ جب کہ حضرت شیخ

Marfat.com

محقق علیہ الرحمہ ایسا صاحب النظر محدث ہرگز ایسا نہیں کر سکتا۔

اگر ہم حضرت شیخ محقق علیہ الرحمہ کے طریقۂ تحقیق و تالیف پر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ آپ زیر تحقیق مسئلے کے بارے میں تمام مشہور احادیث و روایات کو زیر بحث لاتے ہیں۔ راویان حدیث اور ان کی اسناد پر مشاہیر محدثین کی رائیں پیش کرتے ہیں اور پھر آخر میں اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں۔ لیکن اس رسالے میں کہیں ایسا نظر نہیں آتا۔

☐ رسالے کے شروع میں یا آخر میں کہیں بھی مصنف کا نام درج نہیں ہے۔ صرف کاتب نے آخر میں شیخ محدث کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:

> ''بحمد اللہ علیٰ نعماۂ واحسانہ و(ن) علی رسولہ محمد والہ واصحابہ کہ نسخہ اوصاف من تصانیف عارف کامل عالم باعمل شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ بخط ناقص بندہ عبدالحسین مودودی بروز پنجشنبہ تاریخ نوزدہم شہر ربیع الثانی ۱۲۵۷ھ بعرصۂ اختتام رسید۔ نقل را کتابت زہدہ صلحائے اہان عمرہ (۰۰۰ن) والاشان محمد وارث علی خاں۔ بہادر اعلیٰ اللہ۔''

کاتب روضات نے خدا جانے دانستہ یا نادانستہ یہ غلطی بھی کی ہے کہ اپنے پیشِ نظر نسخے کا کوئی حوالہ نہیں دیا ہے، جس سے ماخذی نسخے کا پتا مل سکتا تھا۔ کاتب کی اسی عبارت کو جناب مفتی انتظام اللہ شہابی نے اپنے مندرجہ ذیل دعوے کی بنیاد بنایا ہے۔

> ''انداز تحریر اور داخلی شہادتوں کی بناء پر اس رسالے کو حضرت شیخ کی تصانیف میں شمار کرنا چاہیے''۔

لیکن اس ضمن میں انھوں نے کوئی ایک مثال بھی پیش نہیں کی جو ان کے دعوے کی دلیل بن سکے۔ کتاب کے مشمولات کا بہ لحاظ صحت تجزیہ کرنا ایک علاحدہ اور مستقل موضوع کا متقاضی ہے۔ لیکن سردست سوال یہ ہے کہ کہیں اس کے انتساب میں غلطی تو نہیں ہوئی؟

☐ کہیں روضات کے مصنف کوئی اور عبدالحق تو نہیں؟ جیسا کہ ایک عبدالحق کا ذکر تو خود حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے مدراج النبوۃ میں یوں کیا ہے:

''امام عبدالحق اکابر آئمہ حدیث میں سے ایک فرد ہیں انھوں نے اپنی کتاب احکام صغریٰ،

Marfat.com

میں صحیح اسناد کے ساتھ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔۰۰۰ الخ (۱☆)

اپنے اسی خیال کے پیشِ نظر ہم نے میر غلام علی آزاد بلگرامی کے تذکرۂ علماء وصوفیائے پاک و ہند یعنی "مآثر الکرام" کو کھنگال ڈالا مگر "روضات" اور اس کے مُصنّف کا پتا نہیں مل سکا۔ اسی جستجو میں ہم نے نزہۃ الخواطر کی بھی تین جلدیں (۵، ۶ اور ۷) دیکھ ڈالیں، جو گیارہویں، بارہویں اور تیرہویں صدی ہجری کے ہندوستانی علماء و فضلاء کے تذکرے پر مشتمل ہیں۔ لیکن ہمیں اپنے مقصد میں یہاں بھی کام یابی حاصل نہیں ہوئی۔ صرف ساتویں جلد، جو تیرہویں صدی ہجری کے علماء سے متعلق ہے، میں مندرجہ ذیل چار عبدالحق نام کے علماء اور ان کی تصنیفات و تالیفات کا تذکرہ ملتا ہے:

۱۔ الشیخ عبدالحق الطوکی۔ (الفقیہہ الحنفیۃ) ۳۔ الشیخ عبدالحق بنارسی محدث مجتہد (غیر مقلد)

۲۔ الشیخ عبدالحق رام پوری۔ (ایضاً) ۴۔ مولانا عبدالحق گوپاموی معروف فاضل (۲☆)

لیکن "روضات" کا ذکر کسی عبدالحق کی فہرستِ تصنیفات و تالیفات میں نہیں ہے۔ مختصراً یہ کہ اس کوشش ناتمام کے ذریعے ہم نے اپنے جن معروضات کے اظہار کی جسارت کی ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ "روضات" کے اصل مُصنّف کا علم ہو سکے اور اس تصنیف کو اس کا حقیقی مُصنّف مل سکے۔ اس طرح حضرت شیخ محدث علیہ الرحمہ کے مُحقّق علمی اور دینی نظریات کے سلسلے میں کسی متوقع خلطِ مبحث سے بھی بچا جا سکتا ہے۔

ہمیں اُمید ہے کہ اہلِ تحقیق اس ہیچمدان کی ان چند بے ترتیب معروضات کو لائق اعتنا سمجھتے ہوئے ضرور توجہ فرمائیں گے۔

مغفرتِ رب اور شفاعت مصطفیٰ ﷺ کا اُمیدوار

احقر: شاہ انجم بخاری عفی عنہ،

☆۱ مدراج النبوۃ، جلد دوم، از شیخ عبدالحق محدث دہلوی، مترجم: مولانا عبدالمصطفیٰ محمد اشرف نقشبندی، مکتبۂ اسلامیہ لاہور، سنہ ندارد۔ ص ۱۹۔

☆۲ "نزہۃ الخواطر و بہجۃ المسامع والنواظر" (عربی) از عبدالحیٔ ندوی، القرن الثالث عشر، طبع اوّل، حیدرآباد دکن، ۱۹۵۹ء، ص ۲۳۹ تا۔۔۔

Marfat.com

پروفیسر خادم حسین قریشی

رسالہ روضات پر ایک نظر

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی سے منسوب رسالہ ''روضات'' کو شایع کرنے سے پہلے، مجلس کی طرف سے اس کی نقول چند ماہرین کے ملاحظہ کے لیے پیش کی گئیں۔ راقم نے بھی کتاب کا تفصیلاً جائزہ لیا، راقم الحروف کو متعدد داخلی شواہد کی بنا پر شیخ صاحب سے اس کتاب کا انتساب مشکوک نظر آتا ہے، کیونکہ اس کے مندرجات کا اسلوب بیان شیخ صاحب کے طرز نگارش سے مختلف دکھائی دیتا ہے۔ (اس کی تفصیلات پروفیسر شاہ انجم بخاری صاحب کے پیش کردہ معروضات میں دیکھیں)۔ راقم کے لیے سب سے زیادہ چونکا دینے والی بات یہ تھی کہ احادیث نقل کرنے میں احتیاط سے کام نہیں لیا گیا اور اقوال صوفیہ اور موضوع احادیث کو مستند احادیث کے زمرے میں داخل کر کے ان کو بلا جرح و تعدیل بے دھڑک قول رسول اللہ ﷺ کہہ کر پیش کیا گیا ہے۔ جب کہ شیخ صاحب کا طریقہ یہ نہیں ہے۔ وہ روایات نقل کرنے میں حد درجہ محتاط واقع ہوئے ہیں اور ان کی تصانیف شاہد ہیں کہ وہ موضوع روایت بلا جرح کے نقل نہیں کرتے اور ضعیف روایت نقل کرتے

Marfat.com

وقت اس کا صحیح و سقم اور جرح و تعدیل ضرور بیان کرتے ہیں۔اس لیے یہ ہرگز ممکن نہیں کہ شیخ صاحب ایسے محدث، موضوع روایت سے واقف نہ ہوں اور موضوع روایات کو مستند بتائیں اور اقوال صوفیہ کو حدیث بنا کر بیان کریں۔اس عقدے کو حل کرنے کے لیے کتاب میں موجود احادیث کو جانچا گیا تو معلوم ہوا کہ سوائے چند کے اکثر احادیث یا تو ضعیف ہیں یا موضوع۔اس ضمن میں چند معروضات پیشِ خدمت ہیں:

صاحب ''روضات'' کا دعویٰ ہے کہ:

''وآنچہ درین رسالہ درج نمودہ شد بے سندے از آیت یا حدیث یا قول مشائخ نیست (ص۔۲۰)''۔

اوّل تو اس قسم کا دعویٰ شیخ صاحب جیسے متواضع اہلِ علم نے کبھی نہیں کیا اور دوسرا یہ کہ یہ دعویٰ بوجوہ محلِ نظر ہے۔کیونکہ رسالے میں نہ صرف ضعیف روایات موجود ہیں بلکہ اس میں بعض موضوع روایات بھی درج ہیں۔ مثلاً جیسے حدیث:

"من تشبه بقومٍ فهو منهم" (ص۔۶۱)

اس حدیث کی سند میں کلام کیا گیا ہے۔علامہ طاہر پٹنی ''تذکرۃ الموضوعات'' میں لکھتے ہیں کہ:

"سنده ضعيف ۰ ۰ ۰ فيه حفص بن سالم مكذب دجال" (ص۔۱۹۳)

یعنی اس کی سند ضعیف ہے اور اس کی سند میں حفص بن سالم جیسا مانا ہوا جھوٹا دجال موجود ہے۔اب یہ کیونکر مانا جاسکتا ہے کہ شیخ صاحب اس روایت کے ضعف سے ناواقف تھے لہٰذا انھوں نے اس کو مستند روایت کے طور پر بیان کردیا ہو۔اسی طرح ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ:

'حدیث نبوی ﷺ کہ "رأيتُ ربّي في ليلة المعراج امرد شابّ" (ص۴۵)
(میں نے اپنے ربّ کو معراج کی رات بے ریش نوجوان کے روپ میں دیکھا)۔

اصل میں یہ روایت اس طرح ہے کہ "رايت ربي في صورة شابّ امرد"۔اس کے بارے میں ملاعلی قاری ''الموضوعات الکبریٰ'' میں لکھتے ہیں کہ:

"أن حديث ۰ ۰ ۰ دائر على ألسنة عوام الصوفيه وهو موضوع مفترى

Marfat.com

علی رسول اللہ ﷺ (ص۔۱۲٦)"۔

(یہ حدیث عامی صوفیہ میں زبان زد عام ہے اور یہ بات من گھڑت اور رسول اللہ ﷺ پر تہمت لگانے والی ہے)

اسی طرح ایک اور مقام پر ایک مجہول روایت نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ترك الدنيا رأس كل عبادة وحب الدنيا رأس كل خطئية (ص۔۲۲)"

اس ہئیت پر یہ حدیث کہیں بھی نہیں ملتی بلکہ اس کا نصف آخر "حب الدنیا رأس کل خطئية" حدیث کے طور پر کتب احادیث میں موجود ہے اس کے بارے میں ملا علی قاری لکھتے ہیں:

"قال بعضهم موضوع و منهم ابن تیمیه حیث جزم بأنه من قول جندب البجلّی ۰۰۰ وهو عند ابی نعیم فی ترجمة سفیان الثوری من "الحلیه" من قول عیسیٰ علیه السلام، وعند ابن ابی الدنیا فی "مکاید الشیطان" له من قول مالك بن دینار (من ۱۰۸۔۱۰۹)

یعنی "بعض لوگوں نے اس کو من گھڑت کہا ہے اور ابن تیمیہ بھی ان میں شامل ہیں۔ اس کو ہر جگہ حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول سمجھا گیا ہے اور ابو نعیم نے حلیۃ الاولیاء میں حضرت سفیان ثوری کے ذکر کے دوران اس قول کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قول کہا ہے۔ ابن ابی الدنیا نے "مکاید الشیطان" نامی کتاب میں اس کو حضرت مالک بن دینار کا قول کہا ہے"۔ اصل میں اس حدیث کو امام بیہقی نے "شعب الایمان" میں۔ بسند حسن حضرت حسن بصری سے مرسلاً نقل کیا ہے اور دیلمی نے اپنی مسند میں بغیر اسناد کے اسے حدیثِ حضرت علی بن ابی طالب کے طور پر نقل کیا ہے۔ بات دراصل یہ ہے کہ مرسل روایت جمہور کے نزدیک حجت ہے اگر اس کی سند صحیح ہو، اور اگر اسناد کی تصریح نہ ہو تو وہ روایت بیشک موضوع ہے۔ راقم یہ سمجھتا ہے کہ حضرت شیخ جیسے محدث اس کو بلا سند اور غلط ہئیت پر ہرگز بیان نہیں کرتے اور اگر کرتے تو اس کا صحیح و سقم اور جرح ضرور بیان کرتے جیسا کہ ان کا طریقہ ہے۔

اسی طرح ایک اور مقام پر ایک مشہور قول صوفیہ "موتوا قبل ان تموتوا" کو حدیث بنا

Marfat.com

کر پیش کیا ہے (ص۔۳۱) اس قول کے بارے میں ملا علی قاری لکھتے ہیں:

قلت: العسقلانی انه غیر ثابت ... قلت هو من کلام الصوفیه (ص۲۶۴)۔

بات اگر اس حد تک بھی رہتی تو شاید قابلِ برداشت ہوتی اور شک کا فائدہ مصنف کو دیا جا سکتا تھا، مگر اب جس قول کا ذکر راقم کرنے جا رہا ہے اور جسے صاحب ''روضات'' نے قول رسول اللہ ﷺ کہہ کر پیش کیا ہے۔ وہ بلحاظ درایت ہرگز اس قابل نہیں کہ حضرت محدث دہلوی ایسے بلند پایہ عالم ربانی اسے حدیث رسول کے طور پر بیان کرتے۔ وہ لکھتے ہیں:

''حضرت سرور ﷺ فرمود کہ:

الشریعة اقوالی و الطریقة افعالی و الحقیقة احوالی (ص۔۳۶)''۔

یہ قول اپنی شہادت خود دے رہا ہے کہ وہ کسی طرح بھی رسول اللہ ﷺ کی حدیث نہیں ہے۔ کیوں کہ عہدِ رسول وصحابہ وتابعین میں حضور ﷺ کے تمام اقوال، افعال اور احوال صرف شریعت ہی کے ضمن میں سمجھے جاتے تھے نہ تو شریعت وطریقت کا فرق تھا اور نہ ہی طریقت وحقیقت کی اصطلاحات موجود تھیں یہ شریعت، طریقت اور حقیقت کی درجہ بندی صوفیہ نے کی ہے ان کا خیر القرون میں کہیں ذکر نہیں ملتا۔

ان معروضات کی روشنی میں جب کتاب کو پرکھا جاتا ہے تو ایک طرف مصنف کا یہ دعویٰ صحیح نظر نہیں آتا، جس میں انھوں نے مستند احادیث نقل کرنے کی بات کی ہے، تو دوسری طرف ان دلائل کے پیشِ نظر، حضرت شیخ محدث دہلوی سے اس کتاب کی نسبت مشکوک قرار پاتی ہے۔

بہر حال کتاب چونکہ حضرت شیخ محدث دہلوی سے منسوب ہے اور تا حال اس کا صرف ایک ہی مخطوطہ دستیاب ہوا ہے اس لیے راقم، پروفیسر شاہ انجم بخاری صاحب کی رائے سے متفق ہے کہ اس کو مزید تحقیق اور حقیقت سے آگاہی کے لیے بعض توضیحات وتحفظات کے ساتھ شایع کیا جائے، تا کہ اس کتاب کا اصل مصنف سامنے آ سکے۔ کیوں کہ یہ مجلس کی ذمہ داری ہے کہ شیخ صاحب سے منسوب تصانیف وتالیفات کی جانچ پڑتال کرے اور اصل حقائق سے لوگوں کو آگاہ کرے۔

کتابیات: الموضوعات الکبریٰ (عربی) از ملا علی قاری۔ تذکرۃ الموضوعات (عربی) از محمد طاہر بن علی آلہندی الفتنی۔ رسالہ روضات (فارسی۔ اُردو) منسوب بہ حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی۔

Marfat.com

مقدمہ

از جناب مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی اکبرآبادی

مغل شہنشاہ اکبر کے دور میں دینی اُفق پر جس قدر تیرگی چھائی اتنے ہی زیادہ روشن ستارے اس اُفق پر نمودار ہوئے، یہ وہ انجم درخشاں تھے جن کی تابانی وضوفشانی سے آج بھی دل کی دنیا منور ہے، ان کواکب علم وعرفان میں امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی کی ذات گرامی تو نیر اعظم کی حیثیت رکھتی ہے، ان کے بعد حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا درجہ ہے جو علوم و معارف کے مہ کامل تھے، آپ نے اکبر، جہانگیر اور شاہجہاں کے دور میں جو گرانقدر علمی خدمات انجام دیں وہ محتاج بیان نہیں، آج بھی آپ کی کئی کتابیں علماء اور صوفیہ میں قدر کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں۔

حضرت شیخ عبدالحق، سلیم شاہ سوری کے دور حکومت میں ۱۵۵۱ء میں پیدا ہوئے اور ایک طویل عمر پاکر اور تین مغل شہنشاہوں کے زمانہ میں علم اور عرفان کی روشنی برصغیر کے مختلف گوشوں میں پھیلا کر شاہجہاں کے سولھوں سال جلوس میں ۲۸۔۲۹ر جون ۱۶۴۲ء کی درمیانی شب میں فوت

Marfat.com

ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار کا اسم گرامی سیف الدین تھا، وہ قادری سلسلہ میں منسلک اور نظریہ وحدت الوجود پر اعتقاد رکھنے والوں میں سے تھے، اس کے ساتھ ساتھ ان کو علوم ظاہری میں بھی تبحر حاصل تھا۔ حضرت شیخ کی تعلیم وتربیت ان ہی بزرگ باپ کی نگرانی میں ہوئی، شروع ہی سے آپ علم کے اس درجہ شیدائی تھے کہ والد کے منع کرنے کے باوجود آدھی، آدھی رات تک مطالعہ کتب میں لگے رہتے تھے اور لہو ولعب میں اپنے وقت عزیز کو ضایع نہیں کرتے تھے۔

حضرت شیخ نے ۲۰۔۲۲ سال کی عمر تک تحصیل علم دہلی میں رہ کر کی، بعدہٗ فتحپور سیکری تشریف لے گئے اور وہاں کئی علماء وصلحا سے فیضیاب ہوئے، وہیں کے قیام میں قرآنِ مجید حفظ کیا۔ ۱۵۸۷ء میں حرمین شریفین گئے اور وہاں شیخ عبدالوہاب متقی سے اکتساب فیض کیا۔

علوم باطنی میں آپ پر متضاد اثرات پڑے، باپ سے وحدۃ الوجود کا نظریہ ملا، شیخ عبدالوہاب متقی سے وہ سلوک حاصل کیا جو شریعت کا کلیتاً تابع تھا، بعدہٗ حضرت باقی باللہؒ کی صحبت میں رہ کر نقش بندی مسلک سے متاثر ہوئے، ان مختلف اثرات کا نتیجہ تھا کہ حضرت شیخ کے مسلک میں بڑی حد تک اعتدال وتوازن کی کیفیت پیدا ہوگئی، اور یہی اثرات آپ نے اپنی تحریروں اور تقریروں کے ذریعہ دوسروں تک پہنچائے۔

زمانہ طالب علمی ہی سے حضرت شیخ کا میلان طبع تصنیف وتالیف کی جانب تھا، چنانچہ آپ کی مشہور کتاب ''اخبار الاخیار'' جو برصغیر کے اولیاء کا ایک مستند تذکرہ ہے، طالب علمی کے زمانہ میں لکھی گئی تھی۔ اس کے علاوہ کتاب الصالحین اور ایک دو رسالے بعض اور موضوعات پر بھی اسی زمانہ میں ترتیب دیئے گئے تھے۔

فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ نے تصنیف وتالیف کے کام کو نہایت باقاعدگی سے انجام دینا شروع کیا، اور آخر تک اس شغل کو جاری رکھا، آپ کی چھوٹی بڑی تمام تصانیف کی تعداد سو سے زیادہ بتائی جاتی ہے، ان میں اخبار الاخیار کے علاوہ دیگر اہم تصانیف لمعات فی شرح مشکوۃ (عربی) اور اشعۃ اللمعات فی شرح مشکوٰۃ (فارسی) علم حدیث سے متعلق، مدارج النبوۃ سیرۃ الرسول کے موضوع پر، جذب القلوب فی دیار المحبوب مدینہ کے تاریخی حالات کے بارے میں شرح فتوح الغیب حضرت غوث اعظم کے ارشادات کی توضیح وتشریح میں اور زاد المتقین الیٰ طریق

138526

Marfat.com

الیقین ان شیوخ واساتذہ کے حالات پر مشتمل ہے، جن شیوخ واساتذہ سے حضرت شیخ سفرحجاز کے دوران فیضیاب ہوئے تھے، آپ کی بہت سی کتابیں شایع ہوچکی ہیں۔ بعض کے ترجمے اُردوزبان میں بھی ہوگئے ہیں، مثلاً: اخبار الاخیار کا ترجمہ، انوار صوفیہ اور جذب القلوب فی دیار المحبوب کا تاریخ مدینہ کے نام سے ہوا ہے۔

اب بھی بعض کتابیں ایسی ہیں جو زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئیں، حالانکہ اُن کی افادیت و اہمیت سے انکار نہیں ہوسکتا۔ ان ہی میں ایک رسالہ روضات ہے جو اس وقت ادارۂ تحقیق وتصنیف کی جانب سے فارسی متن مع اُردو ترجمہ پیش کیا جارہا ہے، اس رسالہ کا موضوع شریعت وطریقت ہے۔ حضرت شیخ نے ان دونوں چیزوں پر سیر حاصل بحث کی ہے اوران کے ربط باہمی کو واضح کیا ہے۔ یہ موضوع اس لیے اور بھی زیادہ اہمیت کا حامل ہے کہ اسلام کی ابتدائی صدیوں کو چھوڑ کر ہر زمانہ میں اس میں افراط وتفریط سے کام لیا گیا ہے اوراس لیے بہت سے خام کار جادہ اعتدال سے بھٹک کر یا تو زندقہ میں مبتلا ہوگئے یا صرف صورت ظاہر کو اپنا کر باطنی احوال کو برابر نظر انداز کرتے رہے جس کی وجہ سے اپنے اندر روحانیت اور حسن اخلاق نہ پیدا کرسکے، یوں تو اور بھی بزرگوں نے اس موضوع پر لکھا ہے تاہم حضرت شیخ نے جس انداز سے اس کو پیش کیا ہے اس کی وجہ سے یہ بحث بے حد مؤثر ہوگئی ہے۔

اس رسالہ کو حضرت شیخ کی تصانیف میں شمار کرنے کے لیے داخلی شہادتیں موجود ہیں۔ اس کا انداز نگارش اور مضمون کا رنگ ڈھنگ ہی بتارہا ہے کہ یہ اسی ولی کامل اور عالم باعمل کے قلم کی تراوش ہے۔

اس کے علاوہ جس قلمی نسخہ کی یہ نقل پیش کی جارہی ہے (۱) اس کے آخر کی عبارت سے جو درج ذیل ہے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ حضرت شیخ کی تصنیف ہے۔

بحمد اللہ علیٰ فضلہ واحسانہ وعلیٰ رسولہ محمد والہ اصحابہ کہ نسخہ روضات من تصانیف عارف کامل، عالم باعمل شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ بخط ناقص بندہ

(۱) اس کتاب کا قلمی نسخہ محمد ایوب قادری صاحب کے کتب خانہ میں محفوظ تھا، اسی نسخہ کو ادارہ کی طرف سے شائع کیا جارہا ہے۔

Marfat.com

عبدالحسین مودودی بروز پنجشنبہ نوزدہم شہر ربیع الثانی ۱۲۵۷ھ، بعرصۂ اختتام رسید۔

چونکہ حضرت شیخ کی اس تصنیف کا علم بہت کم لوگوں کو تھا اور یہ رسالہ مخطوطہ کی صورت میں ہونے کی وجہ سے اکثر و بیشتر شائقین کی دسترس سے باہر تھا، نیز فارسی زبان میں ہونے کے سبب ہر شخص کے لیے قابلِ فہم بھی نہیں تھا۔ اس لیے ضروری سمجھا گیا کہ ادارہ تحقیق وتصنیف کی جانب سے اس کو طبع کرا کر عام کر دیا جائے اور ترجمہ وحواشی کا اضافہ کیا جائے تا کہ زیادہ سے زیادہ آدمی اس سے فیضیاب ہوسکیں۔

اس کام کی انجام دہی ادارہ کے رکن جناب ثناء اللہ صاحب ندوی کی توجہ اور محنت کی رہین منت ہے، اول تو ترجمہ کا کام جس قدر آسان سمجھا جاتا ہے اتنا آسان نہیں ہے، دوسرے شریعت وطریقت کی جو بحثیں اس میں کی گئی ہیں ان کو اصل روح کے ساتھ دوسری زبان میں بیان کر دینا خود ایک دشوار مرحلہ ہے، لیکن رفیق محترم ثناء اللہ صاحب نے جو ایک صاحب علم وفضل ہستی اور ادارہ کے ایک خاموش مگر مستعد کارکن ہیں اس کام کو آسان کر دیا ہے اور ترجمہ نہایت سلیس زبان میں کر کے کم استعداد لوگوں کے لیے بھی اس کو قابلِ فہم بنا دیا ہے، پھر مشکل مقامات کو حواشی کے ذریعہ واضح کر دیا ہے، اصل کتاب میں اس زمانہ کے رواج کے مطابق ذیلی عنوانات نہیں دیے گئے تھے۔ مترجم ومرتب نے ترجمہ میں اس کمی کو بھی پورا کر دیا ہے، ذیلی عنوانات کوئی رسمی چیز نہیں، بلکہ ان سے اصل عبارت کو سمجھنے میں بہت مدد ملتی ہے اور لمبی چوڑی عبارت کا خلاصہ چند الفاظ میں معلوم ہو جاتا ہے ایسی علمی اور کسی مخصوص فن سے متعلق کتابوں کے لیے یہ چیز اور بھی ضروری ہے۔
بہر حال رسالہ ہذا کو حضرت شیخ کی نگارشات کا ایک نادر نمونہ سمجھتے ہوئے بہتر سے بہتر شکل میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے، خدا کرے قارئین اس سے پوری طرح مستفید ومتفع ہوسکیں اور یہ لوگوں کو افراط وتفریط سے بچا کر جادۂ اعتدال پر چلانے کا موجب بن سکے۔

انتظام اللہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ترجمہ

روضہ روضات

مقدمہ

حمد:

دائمی تعریف اور تمام احسانات فضل وکرم کرنے والے مالک کے ہیں جس نے ازل ہی میں اس مشتِ خاک پر انعام کا دروازہ کھول دیا۔ محض اپنے لطف وکرم سے ایمان کی نعمت اطاعت وعبادات کی جزا کے ساتھ جس کو چاہا عطا فرمایا اور نیک بخت مومنوں کو یُحِبُّهُم وَيُحِبُّونَه کے جذبے سے بے خود کیا اور دردمند عاشقوں کو وُجُوهٌ يَّوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ کے وعدہ سے مستظہر فرمایا اور کامیاب وصل اولیاء کو فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ کی ابدالآباد تک بڑھتی رہنے والی دولت سے بامراد کیا۔

شکر ما را انتہا و نعمت بے منتہا: کے شود بے منتہا ئے را مقابل منتہا (۱)

---

(۱) نعت کی اُردو عبارت کاتب سے لکھنے سے رہ گئی ہے۔ اصل فارسی میں ملاحظہ کر لی جائے۔

Marfat.com

منقبت صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

یار غار سر حلقۂ اصحاب کبار افضلِ مہاجرین و انصار غواض دریائے قضا سیاح صحرائے بقا سالکِ راہ تحقیق ابوبکر صدیق اور امام عادل و بدر کامل، ناصر دین وملّت وقامع کفر و بدعت گرم روراہ تجدید محرم اسرار توحید، مجاور ممبر ومحراب امیر المومنین عمر ابن خطاب اور معدن حلم وحیا منبع جود وسخا مقبول درگاہ شہید صبغتہ بحر محیط علم وعرفاں مخصوص الحیاء من الایمان امیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اور شجاع میدان جہاد، قاتل اہل کفر وعناد صدر نشین مسندِ فقر وتقویٰ سلطان مملکت توکل ورضا شیر بیشہ رضی اللہ عنہ امام طریق مبین مفتاح کنوز مطالب امیر المومنین علی ابن ابی طالب رضوان اللہ علیہم اجمعین پر سلام یہ چاروں دین میں رسول خدا کے یار ہیں۔ ہر ایک ایمان ویقین میں کامل ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے فیض صحبت سے بحر دین کے گوہر بے بہا ہر ایک راہ خدا کی دوربین اور شمعِ رسالت کا نور ہے۔ رسولِ خدا کے خلیفہ اور شریعت میں امام ہدیٰ ہیں، یہ لوگ بحر ذات میں مستغرق، خدا کے عاشق اور رسول کے دوست ہیں۔ ظاہری اور باطنی برائیوں سے پاک، خانۂ شریعت کے چارستون ہیں۔ جس کے دل میں ان کی محبت نہ ہوگی اس سے خدا کے رسول بیزار ہوں گے اور خدا کا رسول جس سے بیزار ہوا اس مردود کا ٹھکانا جہنم ہے۔

مناجات:

اے خدا ہمارے دلوں کو اغیار سے بچا۔ غیر اللہ سے ہمارا دلی لگاؤ باقی نہ رکھ۔ اپنی محبت سے ایسا سرشار فرما کہ آپے کا ہوش نہ رہے اور اپنی رحمت سے ایسا نواز کہ دولت دین سے شادکام ہو جاؤں۔ راہ شریعت پر چلنے کی قوت اور اپنے حبیب کی پیروی کی استقامت سے بہرہ ور فرما۔ ہمیں اپنے حال پر نہ چھوڑ اور دونوں جہاں میں ہمارے کام اپنی رحمت کے حوالے کر۔

فصل:

یہ رسالہ چند دقیقوں پر مشتمل ہے۔ حق بین طالبانِ حق کی صحیح رہنمائی اور بُعد وحجاب کے اسباب کی نشانیاں بیان کی گئی ہیں۔ اولیاء کے اقسام کا امتیاز عرفا و ملاحدہ کے عقائد کا فرق اور

Marfat.com

شریعت کے ساتھ طریقت کے اتحاد کا بیان ہے اور چند دقیقے خدا کی صفت کے بیان میں ہیں۔

سبب تالیف کتاب:

اگر چہ دل کی صفائی اور وجد و حال کے حصول کے بغیر اسرار توحید کا سمجھنا ناممکن ہے اور عقل کی زبان اس کی کیفیت بیان کرنے سے عاجز ہے لیکن چوں کہ بعض کم ہمت وجد و حال کے درجہ تک نہیں پہنچ سکے اور ظاہر و باطن کا اتحاد چشم بصیرت سے نہ دیکھ سکے لہٰذا شریعت و حقیقت کو مخالف سمجھ کر شک میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور علماء و عرفاء کو ایک دوسرے کا مخالف سمجھ کر پریشان ہوتے ہیں بعض لوگ عارفوں سے عقیدت رکھتے ہیں اور علماء کے عقائد کے منکر ہو کر ملحدوں کے گروہ میں شمار ہوتے ہیں اور بعض علماء کے معتقد اور صوفیوں کے منکر ہو کر ان اندھوں میں شامل ہو جاتے ہیں جن کی شان میں آیا ہے کہ:

مَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى ۝

(جو اس دنیا میں بے بصیرت ہیں وہ آخرت میں بھی بے بصیرت ہوں گے)

چنانچہ جہاں تک ممکن تھا علم حقیقت اور شریعت کی مطابقت کے لیے چند رموز بیان کیے گئے ہیں تا کہ دونوں گروہ ایک دوسرے کے قائل اور معتقد ہو کر متحد ہو جائیں اور ایک دوسرے کا انکار نہ کریں، شریعت و طریقت کو ایک سمجھیں اور ایک کو دوسرے کا مخالف نہ خیال کریں۔ توفیق اللہ کے ہاتھ ہے۔

رسالہ کا نام و خصوصیات:

اس رسالہ میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہ بے سند نہیں ہے بلکہ ہر بات قرآن و حدیث یا مشائخ کے اقوال کی سند و دلیل سے بیان کی گئی ہے۔ طالبانِ راہ تحقیق کے لیے ہر نکتہ ایک باغ ہے جو ہدایات کے ثمرات سے پُر ہے اس لیے اس کا نام روضات رکھا گیا ہے۔

روضۂ دُنیا کی حقیقت:

قولہٗ تعالیٰ: اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۝ [دنیا کی زندگانی (بچوں) کا کھیل اور

Marfat.com

(دیوانوں) کی جولان گاہ ہے]۔

میرے عزیز! دنیا ایک ویرانہ ہے اور زندگی پل پر بنے ہوئے ایک مکان کی طرح ہے اس کی خوشی وغم دونوں ناپائیدار، اس کے رنج وراحت محض خواب وخیال، دنیا کی محبت پر پھولنا گمراہی اور اس کا غم کرنا نری نادانی ہے۔

رُباعی

دریں سرائے فنا بنگر سرسری ہیچ است | غم گدائے و فخر توانگری ہیچ است
بچشم عقل بنگری جہاں خوب است | بخواب شادی وغم ہر چہ بنگری ہیچ است

دُنیا کی ابتدا و انتہا:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ علیہ وَسَلَّمُ الدنیا اولُھا بکاو اوسطھا عنا و آخرھا فنا.

ترجمہ:

"رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا کی ابتدا گریہ۔ اس کا بیچ کا زمانہ رنج وغم اور اس کی انتہا فنا ہے"۔

دل دنیا کے حوادث سے پیچ وتاب میں ہے اور کامیابی کیمیا کی طرح نایاب ہے۔ ہر مقصود سو ذلتوں پر موقوف اور ہر راحت ہزار ہا محنت پر منحصر ہے۔ ابھی آفتاب جمال نے جلوہ دکھایا اور ابھی ذرا سی دیر میں زوال پذیر ہوا ادھر بدر کمال ظاہر ہوا اور ادھر اس میں نقص پیدا ہوا۔ ہر ہنگامہ جسے گرم دیکھتے ہو یہ کچھ ہی دنوں میں ٹھنڈا پڑ جائے گا۔ ہر چمن جو ہرا بھرا ہے تھوڑی مدت میں خزاں کے ہاتھوں مرجھا کر زرد ہو جائے گا۔ اس کی دولت سراب کی نمود اور اس کی زندگانی پانی کا نقش ہے:

جہاں چوں آب روانست و عمر یا جو حباب
وجود ماست چو عکسے کہ از حباب بود

آج دل جس کی محبت میں گرفتار ہے کل اسی کی جدائی سے 'فگار' آج جس کے وصل سے شاد کام ہے کل اسی کے فراق میں بے قرار ہوگا:

Marfat.com

گر چہ ہم صحبت بود صد بار
الفراق الفراق آخرکار

جس نے اس دنیا سے دل لگایا اس کے چھوٹنے کی فکر نے اس کا دل جلایا جس نے اس سے آس لگائی اس کی آنکھیں انتظار میں اشک بار رہیں۔ جو اس کے پیچھے بھاگا اس کو کبھی آرام نہ ملا۔ وہ بلند ہمت مطمئن رہا جس نے اس سے کنارہ کشی کی اس سے کوئی مطلب نہ رکھا دنیاوی جاہ و حشمت کے دھوکے میں نہ آیا اور اس کی نیرنگیوں کو آنکھ اٹھا کر نہ دیکھا:

دنیا و طالبِ دنیا کی مثال: ہر بہارے کہ بدنبال خرابی وارد۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اَلدُّنیا جِیفَۃٌ وَطَالِبُھَا کِلَابٌ ؀

(ترجمہ) دنیا مردار ہے اور اس کے طالب کتوں کی مانند ہیں۔

جن کے دلوں میں دنیا کی محبت ہے وہ اس کے عیوب نہیں دیکھتے، یوں کہ محبوب کی برائیاں بھی محبوب ہوتی ہیں اور چاہنے والے کی آنکھیں اس کے عیوب پر نہیں پڑتیں۔ ہما کی طرح بلند ہمت بن کر مخلوق کی صحبت سے گریزاں ہو اور قناعت کے دروازے کا مرید بن، مکھی نہ بن کہ جو چیز سامنے آئی اسی پر بیٹھ گئی۔ پاک و ناپاک کا دھیان نہ رکھا۔

ترک دنیا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

تَرکُ الدُّنیا رأس کُلِّ عِبادَۃٍ وَحُبُّ الدُّنیا رأس کُلِّ خَطِیئَۃٍ ؀

(ترجمہ) ترک دنیا ساری عبادتوں سے بہتر اور دنیا کی محبت ہر برائی کی جڑ ہے۔

میرے عزیز! راہ حق میں پہلا قدم ترک دنیا ہے اور اس سے مراد دنیا و مافیہا سے دل کا پاک ہونا ہے۔ اور ترک معنوی کا یہی مطلب ہے اگر اس کے ساتھ بہ ظاہر بھی دنیا ترک ہو جائے تو بہت بہتر اور افضل ہے اس لیے کہ معنوی اور صوری دونوں فقر اختیار کرنا رسول اللہ ﷺ کی پیروی ہے۔

میرے عزیز ہمت سے کام لے کر اس راہ میں قدم رکھ۔ ماسوا سے دل کو خالی کر۔ جب گھر فضول چیزوں سے بھرا ہوا ہو تو خالی کیے بغیر اس میں آرائش و زیبائش کے قیمتی سامان نہیں رکھ سکتے۔ جس

Marfat.com

بوتل میں شراب کثیف بھری ہو اس میں نفیس گلاب کیسے بھر سکتے ہیں۔ اگر گھر میں معزز مہمان کا استقبال کرنا ہے تو گھر کی صفائی ضروری ہے۔

ذریعہ نجات خدا کی اطاعت ہے:

انسان کی سعادت بخشش و احسان کرنے والے بادشاہ کی اطاعت میں ہے اور اس بادشاہ کی نافرمانی خسارے کا سودا۔ اس میں ایک نکتہ یہ ہے کہ اہلِ طلب میں سے کوئی شخص حصول مقصد کے لیے کوئی عمل کرتا ہے اگر کھلے یا چھپے اس میں شریعت کی مخالفت کی بو بھی آتی ہو تو اس عمل کے ذریعہ مقصد میں کامیابی حاصل کرنا ممکن نہیں بلکہ باغ مراد تک پہنچنا ناممکن ہے۔ ابلیس نے اپنے خیال میں آدم کو سجدہ نہ کرنے میں بھلائی دیکھی تھی اور غیر حق کے آگے سر جھانے میں اُس کو بے وفائی نظر آئی تھی لیکن اس کی یہ حرکت حکم خداوندی کے خلاف تھی اس لیے گمراہی اور لعنت ابدی کی وادی میں جا پڑا۔

نظم

پسند حق بود چوں بہترین راہ — پسند خویش کن ترک اندریں راہ

پسند حق ترا با حق سپارد — پسند تو ترا با تو گذارد

چو بجوئی خلاص از قید ہستی — چہ باشی پائے بند خود پرستی

طریقت شریعت کی وضاحت ہے:

راہ طریقت میں جو مشکل پیش آئے اور اس کے حکم کی کیفیت عقل سے معلوم نہ ہو تو شریعت سے اس کا حکم معلوم کرو۔ شریعت میں جو عقدہ عیاں ہے راہ طریقت و حقیقت میں اور واضح ہے اور اس کی حقیت معلوم ہو جاتی ہے۔ یعنی جو امر شریعت میں خوب ہے وہ طریقت میں محبوب ہے، اگر شریعت اسے پسند نہیں کرتی اور وہ بُرا ہے تو یہاں (طریقت میں) بھی مردود ہے۔ لِاَنَّ کُلَّ طَرِیْقَۃٍ رَدِیْنَۃُ الشَّرِیْعَۃِ فَھُوَ مَرْدُوْدٌ ○

Marfat.com

شریعت چراغ است ذرراہ دیں — منور ز نورش زمان وزمیں
کہ در ظلمت رہ بچشم خرد — ز نورش عیاں می شود نیک و بد

کافر و بدعتی کی معرفت تک رسائی نہیں:

طالب کو پہلے اپنے عقائد شریعت کے مطابق درست کرنا چاہئے اس کے بعد حق کی طلب میں مشغول ہونا چاہئے کیوں کہ بعض مرید اپنے پیروں کی خدمت میں رہ کر ریاضت ومحنت کرتے ہیں لیکن حصول مقصد میں کامیاب نہیں ہوتے اس کی وجہ یہی ہے کہ ان کے عقیدے میں فساد ہوتا ہے اور عقائد درست نہیں ہوتے اور اس فساد کے باعث ان کی محنت اکارت جاتی ہے اور ریاضت کا چمن پھلتا پھولتا نہیں، حکم شریعت کے خلاف عقیدہ رکھنا یا کفر ہے یا بدعت، اور کافر و بدعتی کی اللہ تعالیٰ کی معرفت تک رسائی نہیں اور سچا مومن ہرچند گنہ گار ہو مغفرت کا اُمیدوار ہے۔ حق تعالیٰ نے خوش نصیب طالبانِ سعادت کو اپنے محبوب کے طریقے کی طرف راہ نمائی فرمائی جو سب سے افضل و اولیٰ ہے اور اپنی پسندیدگی کا معیار رسول کی اطاعت کو قرار دیا۔ جیسا کہ اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اطاعت کرو اللہ تم کو محبوب رکھے گا۔'' (۱)

ناکامی کا سبب اطاعت رسول ﷺ میں کمی ہے:

بعض طالبانِ حق جو حصول مقصد سے محروم رہے ان کے مقبول نہ ہونے کی یہی وجہ ہے کہ پیروی رسول میں انھوں نے تقصیر کی دراصل خلاصۂ کائنات ﷺ کی اتباع کے بغیر حق کی طلب اور محبت ناممکنات میں سے ہے۔ جس کو یہ سعادت حاصل ہوئی وہ اسی اطاعت و پیروی کی برکت سے حاصل ہوئی ہاں فرائض اور واجبات میں اطاعت، جذبۂ محبت اور طلب کے ظہور کا باعث ہے اور مسنونات اور مستحبات کی اتباع برآری مقصد و ذوق، شوق کی فراوانی کے لیے اکسیر۔ حدیث قدسی ہے۔ کہ بندہ نوافل کے ذریعہ مجھ سے اتنے قریب ہو جاتا ہے کہ اس بندہ کو اپنا دوست بنالیتا ہوں اور جب میں اس کو دوست بنالیتا ہوں تو میں اس بندے کی شنوائی، گویائی اور بینائی بن جاتا ہوں وہ

(۱) اِن کُنتُم تُحِبُّونَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُونِی الخ (پارہ ۳، سورۃ العمران، آیت ۳۱)

Marfat.com

میرے ساتھ سنتا ہے میرے ساتھ دیکھتا ہے اور میرے ساتھ بولتا ہے۔

طالبِ حق جب عشق حقیقی کا بیج مزرعِ دل میں بوئے تو اسے طے کر لینا چاہیے کہ سنت کا دامن یا دامنِ رسول ﷺ کو ہاتھ سے نہ چھوڑے گا، اور قول و فعل بلکہ ہر حال میں حضور ﷺ کی پیروی کرے گا۔ پھر فیضانِ الٰہی کی بارش اس کے دل کی سرزمین کو شاداب کرے گی اور نہالِ امید میں برگ و بار آئیں گے اور مقصود کا پھل ملے گا۔ اگر پوری اتباع نہ ہو سکے تو جتنی بھی ممکن ہو اسی کو غنیمت سمجھے۔

نظم

اے آنکہ زنی لافِ محبت ہمہ جا ہر دم زرہ عشق نمائی دعویٰ
بے پیروی نبی اگر جاں بکنی ہرگز نشوی محب و محبوب خدائی

ترجمہ: اے شخص تو ہر محفل میں عشق خدا اور محبتِ رسول کے دعویٰ کرتا ہے لیکن نبی کی پیروی کے بغیر اگر تو اپنی جان بھی دے ڈالے تو نہ خدا کا سچا عاشق ہو سکتا ہے نہ محبوب۔

سوال:

حالات کی متابعت کیسے حاصل ہو جب کہ اس کا بجالانا محال ہے کیوں کہ حالِ نفسانی کیفیات کا نام ہے جو غیر شعوری طور پر واقع ہوتا ہے بدنی اعمال نہیں ہے کہ اس پر اختیار ہو اور اس کو محنت اور کوشش سے حاصل کیا جا سکے۔ مثلاً عشق و عرفان، ذوق و وجدان و مسرت و غم اور اسی طرح دوسرے جذبات و احساسات جو انسان کے دل پر گزرتے ہیں، سالک انھیں کیسے حاصل کرے۔

اتباع کا طریقہ:

جواب: ہر وہ عمل جس کے حصول پر احوال دلالت کرتے ہیں اس کے مطابق عمل کی کوششِ احوال کی مطابقت ہے۔ بقولہ ﷺ:

اذا رأیتم اهل البلاء فابکوا وان لم تبکوا فتباکوا ٥

ترجمہ: جب تم کسی مصیبت زدہ کو دیکھو تو رو اگر تم کو رونا نہ آئے تو رونے کی صورت بناؤ۔

Marfat.com

گریہ ایک کیفیت ہے، جب دل میں یہ کیفیت پیدا ہوتی ہے تو آنکھیں اشک بار ہو جاتی ہیں۔ حدیث میں اس کیفیت کے حصول کے لیے کوشش کرنے کا حکم ہے جو اہلِ مصیبت کو دیکھ کر دل میں پیدا ہوتی ہے اور رونا آ جاتا ہے۔

طالبِ خدا کو رسول اللہ ﷺ کی اطاعت و پیروی کے لیے یہی کوشش کرنا چاہیے جو عمل حال اور کیفیت پیدا کرے اس میں مشغول ہو جانا چاہیے اور پوری کوشش و تکلف سے اس کو اپنے اندر پیدا کرنا چاہیے کہ پیروی رسول یہی ہے:

گر نہ داری درد و آہی دردمنداں پیشہ کن　　گر نداری عشق رو چوں عاشقا در پیشہ کن

گر نداری تیشہ چوں فرہاد تا کوہے کنی　　در ہوائے وصل شیریں روز دنداں تیشہ کن

ترجمہ: اگر دل میں سوز و گداز نہیں ہے تو اپنا حال دردمندوں کا سا بنا لو۔ اگر عشق و محبت میں مبتلا نہیں ہو تو ان کی سی صورت اختیار کر لو۔ اگر فرہاد کا تیشہ نہیں ہے کہ پہاڑ کاٹ سکو تو کوئی پرواہ نہیں شیریں کی تمنائے وصل میں دانت ہی تیشہ کا کام دے سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے سرگشتگانِ محبت اور عاشقانِ بے خود کے لیے اپنی محبت کو ایمان و عمل صالح پر منحصر کر رکھا ہے اور فرمایا ہے۔

(ترجمہ) جو کوئی اپنے رب سے ملنا چاہتا ہے اس کو چاہیے کہ نیک عمل کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ ٹھرائے (۱)

اور علماء کے نزدیک شریعت پر چلنا، اس کی مخالفت سے بچنا اور آنحضور ﷺ کی سنت پر عمل کرنا عمل صالح ہے۔ عاشق صادق سے ممکن نہیں ہے کہ محبوب کے حکم کے خلاف کوئی کام کرے۔ خصوصاً وہ حکم جس پر وعدۂ وصال موقوف ہو۔

قصۂ فرہاد:

جیسا کہ مشہور ہے کہ جب فرہاد کے سر میں وصل شیریں کا سودا سمایا تو شیریں نے اس کو پہاڑ

(۱) سورۂ کہف آیت ۱۱۵

Marfat.com

کاٹ کر نہر نکالنے کا حکم دیا۔ فرہاد نے اپنے محبوب کی خوشی اسی میں دیکھی تو بسر و چشم کہہ کر پہاڑ کاٹنے کی مہم پر روانہ ہو گیا۔ سخت محنت کی اور بہت تکلیف اٹھائی۔ یہاں تک کہ آرزوئے شیریں کے مطابق پہاڑ کاٹ کر رکھ دیا۔ جو شخص جمال ازل کا عاشق اور دیدار لم یزل کا طالب ہے اس کو تو اور بھی اپنے معشوق کے حکم سے سرتابی نہ کرنی چاہیے اور اس کے وصال کی امید میں سختی و محنت سے جی نہ چرانا چاہیے۔

بیت

در بیابان غمش ہر خار کاندر پا خلد — بر دل عاشق ازآں صد گونہ گلہا بشگفد

ترجمہ: میں نے سو گلشنِ جنت کو کیا اس پہ نثار — دشتِ یثرب میں اگر زیرِ قدم خار آیا

نقال کون؟:

جو شخص معشوق کا حکم سر آنکھوں پر نہیں لیتا وہ خود رائی سے کام لیتا ہے یا اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے اور وصل محبوب کی راہ بھول جاتا ہے۔ اس کے بعد بھی حق تعالیٰ کی محبت کا مدعی ہے اور ذات مطلق کے عشق کی باتیں کرتا ہے تو وہ نقال ہے اس کی نقالی بیہودہ اور اس کا دعویٰ سفید جھوٹ ہے:

کاش خوباں ہمہ از عاشق خود جاں می طلبند — تا بہرِ بوالہوسی عاشقی ارزاں نشود

متابعت رسول:

متابعت رسول کی دو قسمیں ہیں، ظاہری و باطنی جن افعال کا تعلق جسم سے ہے۔ وہ ظاہری اتباع ہے۔ اور جن اعمال کا تعلق دل سے ہے وہ باطنی اتباع ہے اور شریعت میں دونوں کی پیروی کا حکم ہے، جیسا کہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ (۱) ○

(ترجمہ): اور ان کی پیروی کرو تا کہ ہدایت پاؤ۔

یہ حکم عام ہے اس لیے اس میں دونوں قسم کی متابعت آ گئی ہے۔ پھر فرمایا:

(۱) پارہ ۹، سورۃ الاعراف، آیت ۱۵۸۔

Marfat.com

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۝

(ترجمہ) بدن کے گناہ ترک کردیتے ہیں اور دل کے گناہ بھی چھوڑ دیتے ہیں، یہی کمال اتباع ہے۔

ظاہری سنتیں بھی بجالائے اور باطنی سنتوں سے بھی غفلت نہ برتے تاکہ در فیض ان کے دل کے سامنے کھل جائے اور جمال مطلوب پردۂ غیب سے ظہور فرمائے:

تانسازی پاک پیدا و نہاں　　ظاہر و باطن نہ بینی حق عیاں

(ترجمہ) جب تک ظاہر و باطن پاک نہ ہوگا، تجھے حق کا جلوہ نظر نہ آئے گا۔

ظاہر و باطن کی پاکیزگی:

اس مقصد کے لیے قسم ثانی یعنی ظاہر و باطن کی یکساں پاکیزگی و اتباع مؤثر ہے اور قسم اوّل میں کمال حاصل کر لینے کے فوراً بعد اس کی تلاش فعل عبث اور احمقانہ کوشش ہے۔

چوں بیاری طہارت ظاہر　　باطنت سرّ حق کند ظاہر

(ترجمہ) جب ظاہری طہارت میں کمال حاصل ہو جائے گا تو باطن حق بھید ظاہر کریگا۔

شرع کا ظاہر سے تعلق اور اس کا مطلب:

اور یہ جو مشہور ہے کہ شرع کا تعلق ظاہر سے ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ان شرعی احکام کا اجرا جن کا تعلق براہ راست مخلوق سے ہے جیسے تعزیر، قصاص تذلیل و اعزاز وغیرہ وہ بہ ظاہر معتبر ہیں نہ کہ شرع کے رو سے صرف ظاہر پر منحصر ہیں۔

ایک مثال:

اس کو یوں سمجھیے کہ دو آدمیوں نے کسی پر تہمت لگائی اور قاضی کے سامنے اس کے خلاف شُربِ خمر کی گواہی نہ دی اب اگر قاضی کو ان کا جھوٹ معلوم نہیں ہے تو قاضی کا فرض ہے کہ مُتّہم یا ملزم کو شراب پینے کی سزا دے اگرچہ وہ اللہ کے نزدیک بے گناہ ہے۔ کیوں کہ انسان باطن کے حالات نہیں جان سکتا۔ اور غیب کا علم خدائے علام الغیوب کے سوا کسی کو نہیں۔ پس چونکہ باطن کا حال معلوم کرنا انسان کی قدرت سے باہر ہے لہٰذا مجبوراً اجراء احکام شرع ظاہر کے مطابق ہوگا۔ اسی لیے

Marfat.com

انسان ظاہر حکم کا پابند ہے۔ اللہ کے نزدیک ملزم اور قاضی دونوں بے گناہ ہیں اور سزا و عذاب کے مستحق وہ دونوں گواہ ہیں۔

دوسری مثال:

یا ایک شخص خدا تعالیٰ کی وحدانیت اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت کا زبان سے اقرار کرتا ہے لیکن دل سے منکر ہے اب اگر اس کے باطنی حال کا علم نہیں ہے تو اسلامی احکام جیسے قبول شہادت، القائے اسلام اور نماز جنازہ وغیرہ ظاہر کے مطابق اس پر جاری ہوں گے اگرچہ اللہ کے نزدیک کافر ہوگا اور اس کا حشر منافقوں کے ساتھ ہوگا۔

معلوم ہونا چاہیے کہ اجراء احکام شرع کی دو صورتیں ہیں ایک کا تعلق خلق سے ہے جیسے تعزیر قصاص وتسلم اما طاع علی مدعی والحکم بالکفر والایمان. کفر وایمان کا حکم وغیرہ کے یہ سارے احکام ظاہر سے متعلق ہیں اور مخلوق اسی کی مکلف ہے اور فَاِنَّ الشَّرعَ ظَاهِرٌ (شرع ظاہر کا نام ہے) کا یہی مطلب ہے دوسری قسم کا تعلق خدا کے ساتھ جیسے ہے اور سچے اور جھوٹے کا فرق، ثواب وعذاب کا اجرا، جنتؑ ودوزخ میں داخلہ اور اس کے مثل احکام کا اجرا باطن پر موقوف ہے جو خدا سے مخفی نہیں ہے۔

روضہ قطع تعلقات کا بیان:

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيلًا (۱) ٥

ترجمہ: مخلوق سے کٹ کر خدا سے جڑ جا، پس یہ وہ عمل ہے جس کے بموجب ہر طرف سے مخلوق قطع تعلق کر کے خدا سے پیوستہ ہو جائے کہ کسی سے کچھ طلب نہ کرے کسی سے کچھ نہ چاہے۔ عشق و محبت، قصد و ہمت، علم و معرفت، اضافت و نسبت، عزم و نیّت اشغال و ذکر، خیال و فکر، معائنہ و شہود، تحقق وجود، اعتماد و التجاء خوف و رجا، ایثار و رضا، سب خدا کے لیے ہو اور مخلوق کا واسطہ نہ ہو۔

---

(۱) پارہ ۲۹، سورۃ المزمل، آیت ۸۔

Marfat.com

طلب وارادہ کا قطع تعلق:

طلب وارادہ کا قطع تعلق یہ ہے کہ اس کے سوا کسی کو نہ ڈھونڈے غیر کی خواہش دل سے نکال دے۔ طلب دنیا وآخرت کا خیال باقی نہ رہے۔ حق کی عبادت حور وقصور کے لیے نہ ہو اور اطاعت میں قدم نفس کے لیے نہ اُٹھے۔ اور کوئی فعل ریا کے لیے نہ کرے، اور مراد مطلوب صرف حق کی ذات ہو۔ اور عبادت واطاعت محض خدا تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے ہوں۔ کیوں کہ دنیا کا طالب مخنث عقبیٰ کا طالب مؤنث ہے صرف خدا کا طالب مرد ہے۔

دنیا مطلب کاں ہمہ مطلب زنبور است   عقبیٰ مطلب کاں ہمہ قسمے زریاست
شو طالب مولیٰ وغیر او ہیچ مخواہ   مولیٰ چوں ازاں تست آں جملہ تراست

عشق ومحبت میں غیر سے قطع تعلق:

عشق ومحبت میں قطع تعلق یہ ہے کہ اس کے سوا کسی کو اپنا محبوب ومعشوق نہ بنائے عشق ومحبت باری تعالیٰ کا خاص حق ہے کیوں کہ اس کے علاوہ کوئی صورت وسیرت میں عیب سے خالی نہیں تو صرف ذات حق سے محبت کرنا بلند ہمتوں کا کام ہے جو عیب تمام مخلوق میں عام ہے یہ ہے کہ اس کی خوبی وخوبصورتی بے ثبات اور اس کی ہستی فانی ہے، عشق ومحبت کے لائق وہ ہے جو ذات وصفات میں تمام عیوب سے پاک ہو اور اس کا حسن وجمال بے زوال اور تمام نقائص سے منزہ ہو۔ اس کے تمام اخلاق وافعال اعلیٰ ومحمود ہوں اور وہ خود بھی حسن وجمال میں یگانہ ویکتا ہو۔ اس کے جمال پر فنا کا گذر نہ ہو اور اس کے کمال کو نقصان کا خطرہ نہ ہو:

بلبلانِ عشق را حسنِ تو نادر گلشنے است   ایمن از باد خزاں مستغنیٔ از باد بہار

حسنِ حقیقی:

ہر حسن وجمال جو دنیا میں روشن ہے اسی کے خورشید حسن کا ایک ذرہ ظہور ہے ہر عشق ومحبت جو دلوں پر موجزن ہے اسی کے دریائے عشق کا ایک قطرہ ہے۔ اس کے کمال حسن کا عقل وفہم میں آنا محال ہے۔ اور اس کا جمال وہم وخیال سے فزوں تر ہے۔ جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے:

Marfat.com

اِنَّ اللّٰہَ جَمِیْلٌ وَیُحِبُّ الْجَمَالَ۝

ترجمہ: اللہ تعالیٰ جمیل ہے اور جمال کو پسند کرتا ہے(۱)۔

حق تعالیٰ ہی کی محبت اصلی اور اعلیٰ ہے۔ اس کی کاریگری کی حد و انتہا نہیں ہے۔ اس غافل پر تعجب ہوتا ہے جو ایسے حسن و جمال کا والہ و شیدا نہیں ہے اور دوسرے کی محبت میں گرفتار ہے: ؎

اصل صد یوسف جمال ذوالجلال — اے کم ازاں تو فدائے آں جمال

اگرچہ دنیا کا حسن اس کے دریائے حسن کا صرف ایک قطرہ ہے لیکن اس قطرے سے حظ اُٹھانا اور ہمت مردانہ سے کام لینا دوست تک پہنچنے کا ذریعہ ہوگا۔

نظم

اے بخوبی از ہمہ خوباں فزوں — حسن و عشقت ہر دو از غائب بروں
پر تو حسنِ تو در عالم فتاد — عالم از عشقِ تو درد و غم فتاد
حسن تو خورشید دیگر ذرہ ہا — عشق تو دریا و باقی قطرہ ہا
اے خوش آں کو شد دراں دریا غریق — رفت در قعرش نہنگانہ طریق
اے خوش آں کو شد دراں دریا مقیم — دید دروی خوبی دریتیم
اے جمالت خوشتر از باغ بہشت — ہست جنت پیش او یک پارہ خشت
راہ عشق خود نما ای ذوالجلال — تارسم از عشق تو اندر وصال
طوق عشق خود بنہ بر گرد نم — آتش عشق خود افگن درتنم
بر مکش از بحر عشق خود مرا — گرچہ نفسم می کشد سوئے ہوا
بست زنجیر ہوا پائ دلم — قوتے آں نیست کا نرا بکسلم ؟
ایں چنیں قوت کجا یا رائے ماست — روبہاں را قوت شیراں کجاست ؟
گر بلطف خود بگیری دست من — از غریبی برکشی سوئ وطن

(۱) مشکوٰۃ شریف و مسلم شریف۔

Marfat.com

بشکلید زنجیر نفس از پائے من — دار ہید از روئی دل شیدائے من
در ہوائ عشق تو پراں شوم — بگدزم از نفس جملہ جاں شوم
یارب از یمن قبول مصطفےٰ — کن دعائی مستمداں را روا

قصد و ہمت کا ترک:

قصد و ہمت کا ترک یہ ہے کہ تمام مقاصد سے ہاتھ اٹھالے دونوں جہاں بھی ملے تو اُن کو خس برابر بھی نہ سمجھے۔ نہ کسی چیز کے ملنے پر خوش ہو نہ جانے والی چیز کا غم کرے تیری خوشی اس کے وصل و حضور پر منحصر ہو اور تیرا غم اس کی جدائی و فراق پر موقوف۔ نہ کشف و کرامات کی طرف دل مائل ہو نہ دنیا و آخرت اس کے اور تیرے درمیان حائل ہو کیوں کہ قرب و وصال کی لذت وہیں ہے۔

دنیائے فانی کی لذتیں اور بہشت جاودانی کی نعمتیں اس کے سامنے ہیچ ہیں:

دنیا طلبی کار زناں فی المثل است — عقبیٰ طلبی نزد مخنث عمل است
ایں ہر دو گذار حق طلب و گرم روی — کاے ہر دو بدل دار حق بیں بدل است

علم و معرفت کی رو سے قطع تعلق:

علم و معرفت کا ترک یہ ہے کہ اس کے سوا سب کا منکر اور سب سے انجان بن جائے، اور غیر کا نقش، دل سے مٹا دے۔ صرف خدا کی ذات اور اس کی توحید کا دل سے یقین کرے یعنی ایسا یقین کہ اس کے سوا عالم میں کچھ ہے ہی نہیں اور تمام چیزیں جو نظر آتی ہیں وہ بہ اعتبار حقیقی نہیں بلکہ مجازی ہیں جو تعینات متنوعہ حق سے عبارت ہیں۔ عین حق کے ساتھ ہیں اور وہ حق ہستی مطلق ہے۔

عین حق، اور تعین حق میں بہت فرق ہے، کیوں کہ ''عین'' صرف ایک ہے اور تعینات بے شمار:

خانہ دل کن زغیرِ حق تہی — تا متاع وحدت اندر وی نہی
خویش راہم در دل خود راہ مدہ — درمقام شاہ رخت خود منہ

قطع از روئے اضافت و نسبت:

ترک اضافت و نسبت یہ ہے کہ ذات جمیع عالم کو مظہر ذات حق سمجھے اور سب کی صفات کو

Marfat.com

مظہر صفات حق خیال کرے۔ جب اس پر یقین ہوگا تو تمام اقوال و افعال، حرکات و سکنات، صفات و خاصیات کو اپنی اور خلق خدا کی طرف منسوب نہ کرے گا۔ بلکہ تمام افعال کو حق تعالیٰ کا ارادہ و فعل سمجھے گا۔

گرچہ تیر از کمان می گذرد | از کماندار بیند اہلِ خرد

لیکن حق تعالیٰ کی صفات کو ممکنات کی صفات کی طرح خیال نہ کرے۔ اور یہ اس خیال فاسد کو حضرت پاک کی ذات سے دور ہے کہ اس کی صفات کو بھی وہی نسبت ہے جو لکھنے کی نسبت کاتب کے کاغذ پر قلم چلانے سے ہے۔ ورنہ لکھنے کی صفت کا موصوف تو قلم ہے اور تیر اندازی کی نسبت تیر انداز کے لیے کمان کھینچنے اور اس کو چھوڑنے کی جہت سے ہے ورنہ صفت کا موصوف تو وہی کمان ہے۔

عزم و نیت کا ترک:

عزم و نیت کی رو سے ترک تعلق یہ ہے کہ کوئی عمل غیر خدا کے لیے نہ ہو، تیرے تمام افعال و اقوال خالص اللہ کے لیے ہوں اور ہر وہ کام جس کی تو نیت کرے نیک نیتی پر موقوف ہو۔ جب نیت درست ہو جائے اُس وقت عمل شروع کیا جائے۔ یا عمل اللہ کے لیے کرے ورنہ عمل ہی نہ کرے۔

قطع از ذکر و اشغال:

ذکر و اشغال میں ماسوا سے قطع تعلق کرنے کا مطلب یہ ہے کہ دل کا دروازہ خطرات پر بند کر دو اور اس کے ذکر کے بغیر کوئی بات دل کو پسند نہ ہو۔ اور ہمہ وقت اس کی یاد میں مشغول رہو اور کوئی سانس اس کی یاد کے بغیر نہ لو۔

اے دوست دلت خانۂ اسرار خداست | ایں خانہ بروئے غیر وابستہ سزاست
می دار بجد و جہد ہردم پاکش | زاررو ئی کہ یک خانہ بیک دوست رواست

قطع از روئے خیال و فکر:

خیال و فکر کا ترک تعلق یہ ہے کہ باطل خیالات سے دل کو پاک رکھے۔ اور بیہودہ افکار دماغ سے

Marfat.com

باہر نکالے۔اور ہمیشہ اسی کا دھیان رکھے اور اس کی آیات وصفات میں غور وفکر کرے۔

من و فکرِ توچہ بینم بجمال دگراں ہم خیال تو مرابہ کہ وصال دگراں

معائنہ وشہود کی رو سے قطع تعلق:

وہ یہ ہے کہ غیر خدا سے نظر ہٹا کر تمام اشیاء کو خدا کا مظہر سمجھے اور ہر جگہ حق کو جلوہ گر دیکھے۔اور "مارأیتُ شیئاً الاورایة فیه" کے باغ سے مشاہدہ کا پھول چُنے۔ ہر چیز میں اسی کو جلوہ گر دیکھے۔ یعنی جس چیز پر نظر پڑے اس کے بارے میں یہ سوچے کہ اللہ اس شے کی صفت سے مقدس اور معرا ہے ہاں اس کا ظہور اس صفت سے روشن اور ہویدا ہے۔اسی کے ساتھ یہ بھی خیال کرے کہ جس طرح ازل میں اس صفت سے پاک اور منزہ تھا آج بھی اسی طرح پاک ومنزہ ہے۔[فارسی متن میں اس مقام پر یہ شعر درج ہے:

گناہ آمد شہودِ ماسوئ اللہ از ایں نوع گناہ استغفراللہ

جو شاید مطبوعہ اُردو ترجمے میں کاتب کے لکھنے سے رہ گیا ہو۔ش الف]

تحقیق ووجود کی رو سے قطع تعلق:

یہ ہے کہ حدیث "موتوا قبل ان تموتو" کے مطابق صفات بشریت ونفسانی سے باہر آجائے اور بحکم حدیث "تخلقوا باخلاق الله" یعنی [فنا] فی اللہ کے راستہ اپنے وجود سے باہر آئے تاکہ بقاباللہ کی منزل تک رسائی ہو۔ جب اپنی ہستی کے تمام نقوش مٹادے گا اس وقت حق کی نظر سے دیکھے گا حق سنے گا اور حق ہی بولے گا۔

اگر پیش از اجل یکدم بمیری دراں یک دم ہمہ عالم بگیری

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا "وجودک ذنبا" تیرا وجود گناہ ہے۔

قطع تعلق از روئے اعتماد والتجا:

وہ یہ ہے کہ اس کے سوا کسی پر اعتماد اور کسی غیر سے التجا نہ کرے اس کے فضل وکرم پہ بھروسہ رکھے، غیر کی آفت سے اس کی پناہ مانگے، عاجزی و پریشانی میں اسی کو پکارے، عزت و

Marfat.com

ذلت اسی کی جانب سے جانے، وہی مجیب ہے وہی مغیث ہے وہی عزت دینے والا ہے، وہی ذلت دینے والا ہے۔

دائما تفویض کار خود بحق باشدنکو | حاجت از دے خواہ راز خویشتن بادے بگو
عزت وخواری ورنج وراحت چوں ازحق است | اعتماد و التجا برکس مکن الابدو

قطع تعلق از روئے خوف ورجا:

وہ یہ ہے کہ غیر سے امید نہ رکھے اور غیر کے خوف کو دل میں جگہ نہ دے۔ قاضی الحاجات خدا تعالیٰ ہے اور اسی سے ڈرنے کا حق ہے۔ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ:

موحد کہ درپائی ریزی زرش | چہ شمشیر ہندی نہی برسرش
اُمید و ہراسش نباشد زکس | بریں است بنیاد توحید و بس

غیر کے نفع ونقصان سے نظریں ہٹالے، محبت، راحت، مصیبت ونعمت سب کو خدا کی جانب سے تصوّر کرے اور اپنے تمام کام اس کو سونپ دے

درشرع از شرک پوشیدہ است | کہ زیدم بیاز رو عمرم نجست
گرت دیدہ نجشد خداوند امر | نہ بینی دگر صورت زید و عمر

ترک از روئے رضا:

وہ یہ ہے کہ مخلوق کی خوشنودی کا خیال نہ کرے صرف حق تعالیٰ کی رضا جوئی میں رہے بلکہ رضاء خلق بھی خوشنودی حق کے لیے ہو۔

اللہ تعالیٰ نے جن باتوں کا حکم دیا ہے وہ بجالائے اور منع کی ہوئی چیزوں سے باز رہے۔ مخلوق کی خوشی کے لیے خدا کے غضب کو دعوت نہ دے۔ جو قدم بھی اُٹھے وہ خدا تعالیٰ کی رضا کی راہ میں اُٹھے نہ جاہل مباحیاں کی طرح کہ کسی مخلوق کا دل نہ دکھانا چاہیے اور مخلوق کی رضا جوئی میں لگ جانا چاہیے اگر کوئی شراب مانگے تو پلادے اگر کوئی اور خواہش ہو تو اس کی خواہش پوری کردے۔ یہ نفس کا فریب ہے اور ابلیس کا حکم، ابلیس کے شر سے خدا کی پناہ۔

Marfat.com

مولانا جامیؒ فرماتے ہیں:

نظم

ترک آزار کردن اے خواجہ | دفتر کفر راست دیباچہ
منکر آمد بہ پیش او معروف | شد بمنکر عنانِ او مصروف
نفس محنت گریز و راحت جوئی | داردش در رہ اباحت روئی
از علامات عقل دوں عاری | مذہبش حصر در کم آزاری
درد دار از اباحیان کہن | کس میا زار وہرچہ خواہی کن
نسبت خود کند بدرویشان | دم زنداز ارادت ایشاں
ہر کہ درویش او بود بیزار | کے ز درویش آید ایں کردار
نیست درویشی ایں زندقہ است | نیست جمعیت ایں کہ تفرقہ است

ترجمہ: اے خواجہ! آزار نہ دینے کا تہیہ کرنا کفر کے دفتر کا دیباچہ ہے کیوں کہ اس طرح برائی کی راہ کھلے گی، بدی کو نیکی سمجھے گا اور اس پر عمل کرے گا، راحت پسند کام چور نفس اس کو اباحیان کا راستہ دکھائے گا۔ اس کی عقل ماری جائے گی اور صرف کم آزاری کو ہی مذہب جانے گا۔ اباحیان کے قدیم طریقے یعنی کسی کو نہ ستاؤ اور جو جی میں آئے کرو پر عمل کرے گا۔ وہ اپنے کو درویش سمجھتا ہے اور ان سے اپنی عقیدت کا اظہار کرتا ہے، لیکن جو درویش ہے وہ اس سے بیزار ہے بھلا کسی درویش کا یہ کردار کہاں ہوسکتا ہے کہ منکر کو معروف سمجھے یہ درویشی نہیں ہے الحاد ہے، یہ جمعیت نہیں ہے بلکہ جماعت میں تفرقہ پیدا کرنا ہے"۔

تفسیر آیت کریمہ:

اے عزیز! آیت کریمہ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًاo کے معنی بیان کرنے کے سلسلے میں جو کچھ کہا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ طالب حق آیت کریمہ کے مطالب ذہن میں رکھے اور ظاہراو باطنا ہر طرح سے اس پر عمل کرے اور ہر معاملہ میں غیر سے قطع کر کے حق سے پیوست ہو، اللہ تعالیٰ نے

Marfat.com

اس آیت کریمہ میں ہر معاملہ میں ماسوا سے قطع تعلق کا حکم فرمایا ہے۔ اگر چہ فقیر نے اس جگہ صرف ترک ماسوا کا مختصر ذکر کیا ہے۔ جب تک پوری طرح ماسوا سے قطع تعلق اور حق تعالیٰ سے پوری وابستگی نہ ہوگی توحید کے معنی سالک کے دلنشیں نہ ہوں گے، اگر ان مذکورہ چیزوں میں سے کسی میں بھی کمی ہوگی تو یہی شرک خفی ہوگا۔

حق کے لیے مخلوق سے وابستگی:

اے عزیز! اگر چہ ہر طرح مخلوق سے قطع تعلق ممکن ہے لیکن مخلوق سے حق کے لیے پیوستہ رہنا اچھا ہے کہ اس طرح مخلوق سے وابستگی حق تعالیٰ کی خوشنودی کا باعث ہے۔ مثلاً پیر کو تلاش کرنا کہ وہ راہ خدا کے رہبر ہوتے ہیں۔ بہشت کی آرزو کرنا کہ خدا تعالیٰ کے دیدار کا وعدہ جنت میں پورا ہوگا۔ اولیاء اللہ سے محبت کرنا کہ وہ حق تعالیٰ کے دوست ہیں یا ان کی ضروریات پوری کرنے کی کوشش کرنا کہ وہ لوگ یاد خدا میں محو ہیں، یا ماں باپ کو خوش رکھنے کی فکر کرنا کہ حق تعالیٰ کی خوشنودی ان کی خوشنودی میں ہے۔ یا مخلوق کے حسن سے اس اُمید میں عشق کرنا کہ مجاز سے حقیقت تک رسائی ہوگی۔ یہ تمام امور اور ان کے مثل حقیقت میں خدا ہی سے پیوستگی ہے اگر چہ بہ ظاہر مخلوق سے وابستگی ہے۔

جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

حدیث سے اس کی تائید:

اِنَّ اللہ لَایَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَلَا اِلٰی اَعْمَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَنْظُرُ اِلٰی نِیَّاتِکُمْ ۝

(ترجمہ) یقیناً اللہ تعالیٰ نہ تمھاری صورتوں کو دیکھتا ہے نہ تمھارے اعمال کو بلکہ وہ تمھاری نیتوں کو دیکھتا ہے۔

عاشقاں دائم تعالیٰ دوست دارند دوست	درغم و راحت رضائی دوست می دارند دوست
وعدۂ دیدار چوں در جنت آمد لاجرم	عاشقاں جنت برائے دوست میدارند دوست

بشرطیکہ ان امور میں نیت خالص ہو نہ کہ نفس کی خاطر ان کاموں میں مشغول ہو، اور حق کی نیت کو بہانہ بنائے۔

Marfat.com

عشق کمال طاعت کا باعث ہے:

حق کی حضوری اور خلق سے غفلت جو کمال طاعات کی شرط اور تمام عبادات سے مقصود ہے کسی عمل سے حاصل نہیں ہوتی اور کسی تدبیر سے ہاتھ نہیں آتی یہ صرف عشق سے حاصل ہو سکتی ہے۔ عشق حقیقی یا مجازی کے غم سے جو آشنا ہے وہ اس بات کی صداقت کا چشم دید گواہ ہے کہ جب محبوب دل میں سماتا ہے تو دل میں معشوق کے سوا کوئی باقی نہیں رہتا۔ عاشق کسی کام میں بھی مصروف ہو اس کا دل محبوب کی یاد سے معمور ہوتا ہے، گویا ہو یا خاموش اس کی یاد اور اسی کے ذکر سے سرشار ہے، اگر سوتا ہے تو اسی کے خواب دیکھتا ہے اگر بیدار ہے تو اسی کے وصال کی آرزو میں گم ہے۔ ہر عاشق تمام امور میں اُٹھنا، بیٹھنا ہو یا چلنا پھرنا، کھانا کھانا ہو یا نماز و قرآن پڑھنا جس طرف بھی متوجہ ہوگا جو کام بھی کرے گا بہ ظاہر وہ ان کاموں میں لگا ہوگا لیکن اس کا دل یار کے حضور میں حاضر ہوگا۔ خواہ عشق حقیقی ہو یا مجازی۔

جب دل میں غیر کا خیال نہ ہوگا تو ہر عبادت حضور دل سے ادا کرے گا۔ پھر اس کی تمام عبادات میں کمال پیدا ہوگا اور اس کی تمام عبادتوں کی اصلاح ہو جائے گی۔ بدلیل حدیث رسول اللہ ﷺ لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِحَضُوْرِ الْقَلْبِ ٥

(ترجمہ): ''کوئی نماز حضور قلب کے بغیر نہیں ہوتی''۔ جب تک نماز میں دل نہ لگے نماز نہیں ہوتی۔ عبادات میں جو مراتب ہیں اور اطاعت کے جو مقاصد ہیں وہ خزانہ عشق میں جمع ہیں۔

کیوں کہ عشق جامع کمالات ہے۔ اسی مفہوم کو مولانا روم بیان فرماتے ہیں:

شاد باد! اے عشق(۱) خوش سودائے ما — اے طبیب جملہ علتہائے ما
اے دوائی نخوت و ناموس ما — وی تو افلاطون و جالینوس ما
ہرچہ گویم عشق را شرح و بیاں — چوں بعشق آیم خجل باشم ازاں

(۱) عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا — درد کی دوا پائی درد لا دوا پایا

عشق نخوت و تکبر کا بہترین علاج ہے اور انسان کی جملہ علتوں کا بہترین طبیب عشق کی تعریف اور تفسیر نہیں ہو سکتی اس کا حق ادا نہ کر سکنے کی وجہ سے اس کے سامنے ہمیشہ شرمندہ رہوں گا۔

Marfat.com

آماجگاہ عشق:

حق تعالیٰ نے ہر عضو کو ایک ایک عبادت کی منزل مقرر کی ہے جس سے وہ ظہور میں آتی ہے۔ لیکن عشق کی بنیاد خانۂ دل میں رکھی ہے جو تمام بدن میں ایک محفوظ اور مستور جگہ ہے اور یہ اس راز کے مخفی رہنے کا اشارہ ہے۔ جو بندے اور مالک بے نیاز کے درمیان ہوتا ہے۔ عاشق کو چاہیے کہ نامحرموں اور نااہلوں سے اس راز کو چھپائے رکھے اور اس کے ظاہر کرنے کی کوشش نہ کرے کیوں کہ اظہار کرنے میں ریا ہوتی ہے اور عشق کا غلبہ بھی ہوتا ہے۔

عشق کی مجبوری:

دل تہی گردد چواز دل برزباں آرند راز مشک رابوکم شود چوں شد دہانِ نافہ باز

(ترجمہ): راز بیان کر دیا جائے تو دل خالی ہو جاتا ہے۔ جیسے نافہ کا منہ کھل جائے تو اس کی خوشبو اُڑ جاتی ہے۔

لیکن اگر کبھی حالات عشق اور جذباتِ شوق غالب آ کر زمام اختیار اس کے قابو میں نہ رہے اور وہ بے اختیار پردۂ راز اُٹھا دے اور ان حالات کو ضبط کرنا اس کے لیے ممکن نہ ہو تو لا یُکلف اللہ نفساً اِلّا وسعھا (۱)'' کے مطابق اس کے اظہار میں معذور ہوگا۔

عشق کے بغیر راہ شریعت طے نہیں ہوتی:

راہ شریعت سر تا سر راہ عشق ہے۔ یہ راہ بغیر عشق طے نہیں ہوتی۔ اس کا سالک عاشق کے سوا کوئی نہیں ہوتا۔ اس لیے کہ قرآن و حدیث میں جو اوامر و نواہی ہیں اور ان کے بجالانے میں جو تکلیف ہوتی ہے اس کی برداشت بغیر عشق ممکن نہیں اور اس رنج و تکلیف کو عاشق کے سوا کوئی پسند نہیں کرتا۔ اگرچہ عابد و زاہد حضرات دوزخ کے خوف اور جنت کی اُمید میں اس قسم کی تکالیف برداشت کرتے ہیں لیکن اکثر جگہ لغزش ہو جاتی ہے اور کمال تقویٰ باقی نہیں رہتا اور آنحضرت ﷺ کی اتباع کے لیے پوری طرح کمر ہمت نہیں باندھتے اور اکثر احکام شریعت بجا نہیں لاتے کیوں کہ

(۱) پارہ ۳، سورۃ البقرہ، آیت نمبر ۲۸۶۔

Marfat.com

ان کا تقویٰ جنت و دوزخ کے اُمید کی وجہ سے ہے اور عاشقوں کی پرہیزگاری پروردگار کے عشق میں ہے۔ جو کام عشق و محبت کے ہاتھوں انجام پاتا ہے اس کام سے بدرجہا بہتر ہوتا ہے جو اُمید و بیم میں کیا جائے۔ اسی لیے ایک بزرگ نے فرمایا ہے کہ زاہد راہ خدا میں چلتا ہے اور عارف اس کی راہ میں اُڑتا ہے:

کے رسند ایں درگرد عشق — کاسماں را فرش سازد درد عشق
زاہدے بارس می آید بپا — عاشقاں پراں تراز برق و ہوا

شریعت، طریقت، حقیقت:

روضہ: میرے عزیز! قرآن پاک اور حدیث شریف میں جو کچھ ہے اور جن باتوں پر علماء کا اجماع ہے وہ شریعت ہے اور انھیں اعمال کو تقویٰ اور احتیاط سے بجالانا طریقت ہے۔ اور ان اعمال کی برکت سے جو کوائف حاصل ہوتے ہیں وہ حقیقت ہے۔

شریعت و طریقت کا فرق:

سوال: شریعت و طریقت میں فرق کیا ہے؟

شریعت و طریقت میں نسبت:

جواب: ایک تو مساوات کی نسبت ہے، دوسرے عموم و خصوص مطلق کی نسبت سے بھی فرق ہے۔ یعنی ایک طرح سے شریعت عام اور طریقت خاص، یعنی طریقت شریعت میں داخل ہے اور شریعت شاملِ طریقت ہے۔

نسبت مساوات:

نسبت مساوات اس لیے ہے کہ آں حضرت ﷺ نے فرمایا کہ: ''شریعت میرے اقوال ہیں، طریقت میرے افعال اور حقیقت میرے احوال''۔ آں حضرت ﷺ کے اقوال اور افعال مفہوم کے اعتبار سے اگرچہ دو جدا چیزیں ہیں لیکن حقیقت کے اعتبار سے ایک ہی ہیں۔ ان لوگوں پر تعجب ہے جو اس معنی میں فرق کرتے ہیں کیوں کہ جو کچھ رسول اللہ ﷺ نے لوگوں سے فرمایا ہے

Marfat.com

اس پر خود عمل بھی کیا ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو اللہ تعالیٰ کا قول:

لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ (۱)o

(ترجمہ): ''تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو'' کی تردید ہوتی ہے۔

پس اقوال افعال کے تحت ہیں جن اقوال پر آپ نے عمل فرمایا ہے۔ انھیں کی اتباع کا حکم دیا ہے تو آپ کے افعال کی متابعت ثابت ہوگئی۔ اب رہے آپ کے اقوال تو افعال اقوال میں داخل ہیں، اب چوں کہ افعال واقوال میں اتحاد ثابت ہو گیا تو شریعت وطریقت میں بھی اتحاد لازم آیا۔ اب رہے اقوال تو اوپر کی دلیل سے ثابت ہوا تو افعال واقوال میں داخل ہیں۔ چوں کہ اقوال افعال میں اتحاد ثابت ہوا تو شریعت وطریقت میں بھی اتحاد ہونا ضروری ہو گیا۔

سوال:

جب کہ شریعت وطریقت میں اشتراک پایا جاتا ہے تو پھر الگ الگ نام اور الگ الگ حکم کا کیا فائدہ ہے۔ یعنی کیوں شریعت کا حکم اقوال کے ساتھ فرمایا اور طریقت کا حکم افعال کے ساتھ واضح فرمایا۔

جواب:

یہ جائز ہے کہ نام اور حکم الگ الگ ہوں لیکن حقیقت میں اتحاد پایا جاتا ہوں جیسا کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ''ایمان سینے میں پوشیدہ ہے اور اسلام ظاہر ہے''۔ تفرید اسلام سے ایمان واسلام کے حکم کے درمیان تفرید موجود ہے لیکن باعتبار ''ماصدق'' مغایرت مفقود ہے، کیوں کہ جو مسلم ہے وہ مومن ہے اور جو مومن ہے مسلم ہے۔ لیکن نسبت عموم وخصوص مطلق کی ہے چونکہ شریعت آنحضرت ﷺ کے اقوال سے عبارت ہے اور اقوال آنحضرت ﷺ اداء احکام کے لیے عام ہیں اس معنی میں احادیث کا حکم صرف اداء عمل کا ہوگا اور تقویٰ واحتیاط کی قید اس پر بڑھادی کہ وہ فرائض وواجبات کے درجے میں ہے ور احادیث میں اعمال بجالانے کو تقویٰ واحتیاط فرمایا گیا کہ یہ رتبہ مسنونات ومستحبات کا ہے۔

(۱) پارہ ۲۸، سورہ الصف، آیت ۲۔

Marfat.com

طریقت:

طریقت آنحضرت ﷺ کے افعال سے عبارت ہے اور آپ کے افعال بحرِ توحید کے وہ دریکتا ہیں جو تقویٰ واحتیاط کے ساتھ مخصوص ہیں۔ پس اس اعتبار سے شریعت عام ہے اور طریقت خاص، اس نکتہ سے یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ عام کا وجود خاص کے بغیر ممکن ہے، لیکن خاص کا وجود عام کے بغیر محال یعنی اس کی تعبیر اس طرح ہوسکتی ہے کہ ایک شخص شریعت پر عامل ہو لیکن ابھی اس نے طریقت کی راہ میں قدم نہ رکھا ہو لیکن یہ محال ہے کہ ایک شخص راہ طریقت کا سالک ہو اور شریعت پر عامل نہ ہو۔ وجہ اوّل کے اعتبار سے جو شریعت پر ہے وہ طریقت میں ہے اور جو طریقت میں ہے شریعت پر بھی ہے۔ یقین جانو کہ طریقت وحقیقت کسی طرح بھی شریعت سے باہر نہیں ہیں۔ اس کی دلیل کہ طریقت وحقیقت، شریعت میں داخل ہیں، کئی وجوہ پر ہے۔

پہلی دلیل:

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ (ترجمہ) ''طریقت میرے افعال اور حقیقت میرے احوال میں'' پس ہر فعل وحال جو آنحضرت ﷺ سے صادر ہوگا اور آپ کی افعالی صفات میں ہوگا وہ ہمارے لیے سنت ہے اور سنت احکام شریعت میں سے ایک حکم ہے۔

دوسری دلیل:

اللہ تعالیٰ نے ہم کو آنحضرت کی اتباع کا حکم فرمایا ہے:

وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ۝

''آپ کی اتباع کرو تا کہ ہدایت پاؤ''۔

آیت کریمہ میں اتباع کا جو حکم ہے وہ عام ہے اور یہ حکم پوری پوری اتباع کے لیے ہے خواہ اقوال ہوں یا افعال پس چونکہ طریقت آنحضرت ﷺ سے افعالی نسبت ہے اور حقیقت احوالی متابعت کا حکم ہے۔ افعال کی متابعت کرنا طریقت ہے اور احوال کی متابعت حقیقت اور جس چیز کے بجالانے کا حکم ہے وہ شریعت میں داخل ہے۔

Marfat.com

تیسری دلیل:

ہر عمل، اور اعتقاد جو طریقت اور حقیقت میں ہے جیسے ترک دنیا، سلوک، تقویٰ، مخالفت نفس وہوا، تحقیق فنا، دوام ذکر حق، نفیِ ماسوا، جدوجہد برائے قرب مولیٰ وغیرہ آیات واحادیث واجماع سے باہر نہیں ہے۔ اور جو کچھ آیات واحادیث اور اجماع سے ہے وہ شریعت میں داخل ہے۔

چوتھی دلیل:

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ''ایک روز رسول اللہ ﷺ نے ایک خط کھینچا اور فرمایا کہ یہ خط مستقیم خدا تعالیٰ کی طرف جاتا ہے اور اس خط کے دائیں بائیں کچھ اور خطوط کھینچے کہ یہ راستے میں جن میں سے ہر ایک پر ایک ایک عفریت بہکانے کو بیٹھا ہے(۱) اور یہ آیت پڑھی:

وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْماً فَاتَّبِعُوْهُ وَلَاتَتَّبِعُوْا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِکُمْ عَنْ سَبِیْلِهٖ ٥ ذَالِکُمْ وَصّٰکُمْ بِهٖ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ٥

(ترجمہ) ''خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ شریعت کی یہ سیدھی راہ ہے پس اس راہ پر چلو اور دوسری راہوں کی اتباع نہ کرو ورنہ دوسری راہیں تم کو راہِ حق سے جُدا کر دیں گی''۔

اور راہ حق تمہاری شریعت ہے جس پر چلنے کا حکم خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے تم کو خدا تعالیٰ سے ڈرنا اور دوسری راہوں سے بچنا چاہیے۔ اس آیت اور اس حدیث کے مطابق صرف یہی ایک سیدھی راہ ہے جو حق کی طرف جاتی ہے اور علماء کا اجماع ہے کہ وہ راہ خیر شریعت ہے پس طریقت و حقیقت بھی اس راہ میں داخل ہیں اور جس نے دوسری کوئی راہ اختیار کی وہ گمراہ ہوگا۔

سوال:

جب راہ حق ایک ہی ہے تو ''الطریق الی اللہ بعدد انفاسِ الخلائق''۔ ترجمہ: ''اللہ کی طرف پہنچانے والے راستے خلائق کی تعداد کے برابر ہیں''۔ کیوں مقرر کیا گیا ہے۔

---

(۱) بخاری شریف

(۲) پارہ ۸، سورۃ الانعام، آیت ۱۵۳۔

Marfat.com

جواب:

یہ تمام راہیں جو خدا تعالیٰ کی طرف پہنچانے والی ہیں شریعت عزیز کے اعمال سے عبارت ہیں اور شریعت ان سب کی جامع ہے، کیوں کہ بعض کثرت نماز کے ذریعہ حق تعالیٰ کو حاصل کرتے ہیں اور بعض عجز و نیاز کے ذریعہ بعض زیادہ روزے رکھ کر اور بعض بزرگ اس کے لیے راتوں کی نیند حرام کر کے قرب خداوندی حاصل کرتے ہیں۔ کوئی ہر وقت خدا کی یاد میں محو ہو کر اور اس کے کمال ذکر سے، کوئی غزا و جہاد سے، تو کوئی رفاہ عام کے کام سے، کوئی صدقہ و خیرات کے وسیلے سے، غرض بھلائی اور نیکی کے وہ سارے کام جو اعمال شریعت ہیں وہ قرب خداوندی کے مختلف راستے ہیں اور جو شریعت کے اعمال نہیں ہیں وہ کفر یا بدعت ہیں یہی وہ راستے ہیں جن پر شیطان مقرر ہیں جیسا کہ نبی ﷺ کی مذکورہ حدیث میں بیان ہوا۔

کمال شریعت:

طریقت کمال شریعت ہے اور آدمی شریعت میں اسی وقت کامل ہوتا ہے جب اعمال طریقت پر عمل کرے اور سلوک طریقت اس وقت طے ہوتے ہیں جب کہ اس کی راہ شریعت کے مطابق ہو۔ بعض نادان جنھیں شریعت کی حقیقت کا پتہ نہیں وہ سمجھتے ہیں کہ شریعت، روزہ، نماز، زکوٰۃ، حج کا نام ہے۔ انھیں خبر نہیں کہ شریعت خدا اور رسول خدا ﷺ کے تمام احکام پر عمل کرنے کا نام ہے جس میں طریقت بھی داخل ہے۔ اور بعض ناواقف جو طریقت کو پوری طرح نہیں جانتے وہ سمجھتے ہیں کہ طریقت لذتوں کے ترک کرنے اور ماسوا سے قطع تعلق کرنے کا نام ہے۔ وہ اس بات سے آگاہ نہیں ہیں کہ طریقت دراصل آنحضرت ﷺ کے اقوال و افعال میں آپ کی اتباع کرنے اور تمام فرائض و واجبات کی ادائیگی پر مشتمل ہے کیوں کہ کمال شریعت اس سے حاصل ہوتا ہے۔ پس جو شخص شریعت کی راہ میں کامل ہے طریقت کے احکام کا یقیناً عامل ہے۔

چوں تابع احکام شریعت گردی ناچار تو سالک طریقت گردی

(ترجمہ) جب تو شرعی احکام پر عامل ہوگا تو یقیناً راہ طریقت کا سالک ہوگا۔

Marfat.com

شریعت کے مدارج درجہ اوّل: روضہ:

شریعت کے دو درجے ہیں ایک درجہ فرائض واجبات وسنن مؤکدہ کا ہے اور منہیات و محرمات سے پرہیز کا ہے جس کے ارتکاب سے حد کفر سے باہر ہوکر شرعی حد میں داخل ہوتا ہے۔

درجہ دوم:

دوسرا درجہ سنن زائدہ، مستحبات اور شبہات و مکروہات سے پرہیز کا ہے جس کے بجالانے سے قرب خداوندی حاصل ہوتا ہے اور طریقت اسی دوسرے درجہ کا نام ہے اب شریعت میں آدمی اس وقت کامل ہوگا جب دونوں درجوں پر عامل ہوگا اگر درجہ اوّل میں کامل رہا اور دوسرے درجہ تک پہنچنے کی جانب مائل نہ ہوا تو اگرچہ شریعت کی حد میں داخل رہے گا لیکن شریعت کاملہ سے خارج ہوگا۔ اسی بناء پر ایک بزرگ نے فرمایا ہے:

اگر تو در شریعت کامل آئی — طریقت را ضرورت شامل آئی
شریعت را مقدم دار اکنوں — طریقت از شریعت نیست بیروں
کسے کو در شریعت راسخ آید — حقیقت رابردل خود کشاید

(ترجمہ) اگر تو شریعت میں کامل ہوگا تو طریقت میں بھی ضرور شامل ہوگا۔ شریعت مقدم ہے اور طریقت شریعت سے الگ نہیں ہے۔ جو شریعت میں راسخ ہوگا اس پر حقیقت کے اسرار کُھل جائیں گے۔

ثبوت طریقت: روضہ:

بعضے اعمال جن کو اہلِ سلوک نے طریقت کہا ہے۔ جیسے دوام ذکرِ حق و ترک محبت دنیا اس طرح کہ خدا سے ایک لحظہ کی غفلت حرام کہتے ہیں اور دنیا کی محبت کو کسی طرح جائز نہیں رکھتے۔ پس جب کہ وہ چیزیں جو شریعت میں فرض ہیں طریقت میں جو شریعت کا جز ہے کیوں نہ ثابت و فرض ہوں گی۔

طریقت سنت رسول ﷺ ہے: روضہ:

جب طریقت خاتم النبین ﷺ کی سنّت ہے تو یہ شرائط اس سنّت کی صحت سے مشروط

Marfat.com

ہوں گی'' جیسا کہ نماز میں ہے۔ نفل میں بھی فرائض میں بھی۔ اگر مصلّی ان میں سے ایک کو ترک کرے گا۔ نماز فاسد ہوگی۔ اسی پر طریقت کے فرائض کو قیاس کرنا چاہیے۔

جب علماء کا اجماع اور عارفان پاک کا اتفاق ہے کہ ہمارے لیے وہ رسول کافی ہیں جن کا سینہ معرفت حق کا گنجینہ اور جن کا دل موجِ عشق حقیقی کا سفینہ تھا اور اللہ تعالیٰ نے ہم کو آپ کی اتباع کا حکم دیا ہے تو ظاہر ہے کہ عشق و معرفت کے حاصل کرنے کا بھی حکم دیا ہے بلکہ ان تمام امور کا جو آپ کی ذات مجتمع صفات میں جمع ہیں چاہے وہ اقوال و افعال ہوں یا اخلاق و احوال لہٰذا شریعت کے احکام بجالانے اور طریقت و حقیقت میں کمال حاصل کرنے کا یکساں حکم ہے۔ ظاہر کو آپ کی ذات کے ساتھ اور باطن کو آپ کے اخلاق کے ساتھ متصف کرے

مستغرق خدائے در شہودی مطلق سر بوحدت کردنِ
بتوانی کہ قدر آب کن جہد دانی خود حد نہ اینہا اگر

(ترجمہ) دل میں صرف وحدت مطلق کو جگہ دے اور خود خدا کے دھیان میں مستغرق رہے اگر یہ ممکن نہ ہو تو جس قدر ہو سکے اس کی کوشش کرے۔

متبعِ سُنَّت:

اتباع سنّت اور پیروی رسول اللہ ﷺ آسان نہیں ہے۔ آپ کی سنّت کا متبع وہ شخص ہوتا ہے جو دنیا کو چھوڑ کر زہد و تقویٰ کی راہ اختیار کرے، نفس و خواہشات کی مخالفت میں سرگرم ہو حق کی خاطر جد و جہد کرے، وحدت مطلق کے مشاہدے کے ساتھ ذکر دوام حاصل کرے، اور ظاہر و باطن کے ساتھ راہ شریعت طے کرے۔ اور تمام اعمال و احوال جو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات میں تھے بجالائے اس وقت اتباع درست ہوگی، لیکن یہ کہ چند آسان سنتوں کو بجالائے اور جو نفس پر شاق ہوں ان کو ترک کر دے اور اس کے باوجود اپنے کو رسول اللہ ﷺ کے متبعین میں شمار کرے تو وہ بے خبر ہے اس کو اتباع سنّت کی حقیقت معلوم نہیں۔ ہاں اگر بعض اعمال کی وجہ سے اس پر اتباع کا اطلاق کریں تو درست ہے اگر تمام اعمال کے اعتبار متبع ہونے کا اطلاق کریں گے تو غلط ہوگا۔

Marfat.com

عقائد شریعت و حقیقت میں فرق نہیں: روضہ:

شریعت و حقیقت کے عقائد ایک ہیں ان کے درمیان فرق و تفاوت بالکل نہیں ہے۔ ہاں جو چیز ان میں مختلف ہے وہ احوال ہیں جو ایک کو دو دکھاتے ہیں۔

عین حق و غیر حق کی بحث:

سوال:

شریعت میں خلق کو غیر حق اور طریقت میں ''عین حق'' کہتے ہیں تو دونوں کے اعتقاد میں موافقت کیسے واقع ہوگی اور مخالفت کیسے رفع ہوگی؟

جواب:

شریعت میں خلق کو جو ''غیر حق'' مقرر کیا ہے اس سے غیریت مجازی مراد ہے اور مجازی غیریت عینیت حقیقی کے منافی نہیں ہے۔ جس کے سبب اعتقاد حقیقت میں منافات و مخالفت واقع ہو اور حقیقت میں خلق کو عینِ حق کہا ہے اس سے عین، عین حقیقی مراد ہے نہ کہ عین مجازی، اور عینیت حقیقی غیریت مجازی کے عرض کے ساتھ نہیں ہے کہ اس کی وجہ سے اعتقاد شریعت میں مغائرت واقع ہو۔ پس اس معنی میں خلق باعتبار حقیقت عین حق ہے اور باعتبار صورت مجاز غیر حق ہے اور یہ دونوں اعتبارات مخلوق میں خداوند بے نیاز کی نسبت سے ثابت ہیں۔ پس جو شخص ان دونوں اعتقادات کا معتقد ہے صادق ہے اور جو ان دونوں کا منکر ہے منافق ہے۔ کیوں کہ ان میں سے کسی ایک کا انکار یا عرفا کے حال کا انکار، یہ دونوں انکار نادرست ہیں اور صریح نادانی ہے۔ اگر تمھاری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی تو اس مثال کو دیکھو، اچھی طرح بات سمجھ میں آجائے گی۔

عینیت و غیریت کی مثال:

ایک زبردست دریا ہے۔ جس کی نہ ابتدا و انتہا معلوم ہے نہ عرض و عمق کی وسعت اور ایک چھوٹا دریا اس سے نکل کر ایک طرف رواں ہوا۔ پس حقیقت کے اعتبار سے وہ عین بحر ہے کیوں کہ یہ اسی بحر سے نکلا

Marfat.com

ہے بلکہ وہی دریا جو اس جگہ ٹھہرا ہوا ہے، بحر متصف ہے اس مقام میں ایک منکشف صورت ہے۔

عین دریا کہتا ہے سچا ہے۔ صوفیہ جسے عینیت خلق یا حق کہتے ہیں وہ یہی عینیت ہے اور وہی دریا جو باعتبار حقیقت عین بحر ہے باعتبار مجاز غیر بحر ہے اس لیے کہ وہ صفات جو اس بحرِ بیکراں میں موجود ہیں وہ اس دریا میں مفقود ہیں۔ جس عظمت و شوکت کے ساتھ بحر بیکراں بہہ رہا ہے وہ دریا اس صورت و صفت سے خالی ہے۔ کیوں کہ سمندر ہاتھی کو ڈبو دیتا ہے اور دریا میں کمر سے زیادہ پانی نہیں ہے۔ سمندر میں بڑے بڑے جہاز چل سکتے ہیں اور دریا میں معمولی چھوٹی کشتی بھی نہیں چل سکتی، جو شخص اس لحاظ سے دریا کو ''غیر بحر'' کہتا ہے وہ بھی راہ حق ہی دکھاتا ہے۔ حق و خلق کی مغائرت جس کے علماء قائل ہیں اسی فرق کی بناء پر ہے:

که فاعل شر بود و که کاسب خیر — که صاحب خانقه و که راهب دیر

از روئی تعین همه غیر اند نه عین — وز روئی تحقق همه عین اند نه غیر

ترجمہ: شر کا فاعل کون ہے اور خیر کا حاصل کرنے والا کون، تعین کے اعتبار سے سب غیر ہیں کوئی عین نہیں اور بہ اعتبار حقیقت سب عین ہیں کسی میں غیریت نہیں''۔

عینیت کے سمجھنے میں غلطی:

لیکن جو شخص بحر کو عین نہر سمجھتا ہے اور ذات و صفات کے اعتبار سے بھی کوئی فرق نہیں کرتا جاہل ہے، عقل سے نابلد ہے کیوں کہ فرق بالمشاہدہ موجود ہے۔ پس منکر مذموم و مردود ہے اور بے دینوں کا یہی مذہب ہے۔ اور جو شخص یہ جانتا ہے کہ یہ نہر اس بحر سے نہیں نکلی ہے بلکہ اس کا اپنا وجود علیحدہ ہے وہ غافل ہے اور بصیرت نہیں رکھتا:

گرچہ عالم قطرہ از بحر ذات مطلق است — درمیانِ بحر و قطرہ فرق دیدن از حق است

یعنی فرق انگاشتن بر ہر دو ظن ملحد است — غیر دیدن یکد گر را نیز با شرک اوفق است

مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس اللہ سرہ اس باب میں فرماتے ہیں:

نه به تنزیه شو چناں مشغوف — که بنفی صفت شوی موصوف

Marfat.com

نہ بہ تشبیہ ایں چناں مائل — کہ بجسم وجہت شوی قائل
معتدل شو کہ ہر کہ اہل دل است — از جمیع امور معتدل است
تا رساند ترا مرتبہ ہا — حکم خیر الامور اوسطہا

(ترجمہ) ذات پاک کی تنزیہ میں اتنا شغف نہ ہو کہ صفت کو موصوف سمجھ لو نہ ذات پاک کی تشبیہ اس طرح سے دو کہ جسم و جہت کے قائل معلوم ہونے لگو۔ اعتدال پر رہو کیوں کہ اہلِ دل تمام امور میں اعتدال کی راہ اختیار کرتے ہیں۔ تا کہ بلند مراتب تک تمھاری رسائی ہو کیوں کہ ہر معاملہ میں درمیانی راہ بہتر ہوتی ہے۔

میرے عزیز! جو تمثیل اوپر بیان کی گئی ہے اس سے یہ نہ سمجھو کہ ذات حق کل ہے اور خلق اس کا جزو جیسا کہ نہر بحر کا جزو ہے لیکن اس کا نقص اور تفاوت بحر کی نسبت سے ظاہر ہے۔ اسی طرح خلق ذات حق کا ظہور ہے لیکن یہ ظہور اس کی صفت کی نسبت سے ایک جو ہے بلکہ بحر کے مقابلہ میں ایک قطرہ ہے۔ اس معنی میں کہ مخلوق کی ذات وصفات میں نقص ہوتا ہے اور حق جل وعلیٰ کی ذات وکمال [کی] صفات اس سے پاک ہے۔ صفات میں تغیر، خیالات میں تبدیلی، حادثات کا وقوع جیسے رنج و غم، قضا و عدم مخلوق کی خصوصیات ہیں، ذات مطلق ان چیزوں سے مبرا و پاک ہے۔ مثلاً جو حالات قطرہ پر گذرتے ہیں وہ بحر کو پیش نہیں آتے۔ قطرہ کو ایک آدمی پی جاتا ہے لیکن بحر کو نہیں پی سکتا، قطرہ تیرہ ہو جاتا ہے بحر میں تیرگی نہیں آتی، قطرہ رنگوں کے امتزاج سے سبز، سرخ یا سیاہ ہو جاتا ہے بحر کوئی رنگ قبول نہیں کرتا۔

حق گرچہ با نواع صور کردہ ظہور — شد (؟) دارد بعالم مشہور
ہر حادثہ کہ برجہاں می گذرد — از ساحت پاک حضرتش باشد

ذات حق کی تلاش کیوں؟

سوال:

جب کہ ذات حق کا ظہور تمام موجودات سے آشکارا ہے اور اس کا جلوہ کائنات کے ذرے

Marfat.com

ذرّے سے نمایاں ہے تو یہ کیا ہے کہ طالبان حق اس کی تلاش میں سرگرداں ہیں اور حیراں ہیں اور یہ کیوں ہے کہ اس کو ڈھونڈ ھتے ہیں اور نہیں پاتے۔

جواب: اگر چہ تمام موجودات اس ذات کا ظہور ہے لیکن بحر ذات مطلق کی نسبت سے قطرات ہیں، جو شخص بحر کا طالب ہو اس کو قطرات دیکھ کر کیسے تسلی ہو سکتی ہے:

بدنیا عاشقاں بے کار باشند بعقبیٰ نیز بی آرام باشند
بیک قطرہ کجا گردند قانع نہنگانے کہ بحر آشام باشند

ترجمہ: عاشق دنیا میں کسی کام کے نہیں رہتے اور عقبیٰ میں بھی بے آرام ہی رہیں گے جو نہنگ بحر آشام ہوں، انھیں ایک قطرہ سے کیا تسکین ہو سکتی ہے جو طالبان حق ہیں وہ مظاہر قدرت کے جلوے دیکھ کر تسکین نہیں پاتے۔

طالب حق کو کائنات کے ذرّے میں جلوۂ ذات دیکھنا چاہیے لیکن ذات پاک کی طرف پوری توجہ اور طلب ہونا چاہیے کہ معروف بہ سرّہ شان اور موصوف بصفت آلان کما کان ہے۔ کیونکہ شریعت معظمہ میں بندے کو ذات خداوندی کی طلب کا حکم دیا گیا ہے اور ذات حق کے سوا تمام موجودات وممکنات کی عبادت وطلب سے منع کیا گیا ہے جو شخص لوگوں کا معبود مطلوب ہے وہ کافروں وگمراہوں میں ہے۔ اگر چہ بحر کے طالب کو قطرہ کی دید سے تسلی حاصل نہیں ہوتی لیکن خدا تعالیٰ کو یہ قدرت حاصل ہے کہ جب چاہے طالب کو تجلی دکھائے اور مظہر مقید میں کمال صفات کا مشاہدہ کرائے۔ ذات مطلق کے جمال کا ایک عکس اس پر ڈالے۔ جیسے چراغ شیشہ میں ہو اور شیشہ چراغ کی طرح روشن نظر آئے یا قطرہ میں بحر کا عکس پڑے اور قطرہ میں بحر کی شکل نمایاں ہو۔ اسی طرح ذات مطلق طالب وصال کے آئینۂ دل میں جمال لایزال کا نظارہ کرائے۔ تجلی کے یہی معنی ہیں، اور حضور ﷺ کی حدیث کہ رأیت ربّی فی لیلۃ امرد شاب (۱) اسی معنی کو ظاہر کرتی ہے اور تجلی ہر شکل وصورت میں جائز ہے۔ لیکن ذات سبحانہ اس صورت میں بھی شکل وصورت سے منزہ و پاک ہے:

پذیرد رنگ خورشید آئینہ از عکس اولیں گردد آئینہ خورشید پس خورشید آئینہ

(۱) (ترجمہ): میں نے اپنے پروردگار کو معراج کی شب ایک امرد جوان دیکھا۔

Marfat.com

در قطرہ چو عکس بحر گرد و پیدا | از پر تو آں قطرہ شود بحر نما
اما چوں نظر کنی زراہ معنی | دریا نشود قطرہ و قطرہ دریا

ترجمہ: آئینہ خورشید کا رنگ اس کے عکس سے قبول کرتا ہے، اور خورشید کی طرح روشن آئینہ خورشید سے ہی ہوتا ہے۔ قطرہ میں جب عکس بحر ظاہر ہوتا ہے تو وہ قطرہ بحر نما ہوتا ہے۔ لیکن اگر تم معنی میں غور کرو تو دریا قطرہ نہیں ہو جاتا اور یہ قطرہ دریا نہیں بن جاتا۔

اخفاء حال کا حکم:

شریعت میں وحدت کے انکار کا کوئی وجود نہیں تاہم اس کے اخفا کا حکم ہے کیوں کہ قرآن پاک و احادیث میں اس صورت کا ظہور ان آیات و احایث کی بہ نسبت جو وحدت وجود پر دلالت کرتی ہیں تاویلات سے خالی نہیں ہیں۔ چھپانے میں یہ حکمت ہے کہ اس کا اظہار گمراہوں میں سرکشی کا باعث اور جاہلوں میں فساد کا سبب ہوگا کیوں کہ یہ لوگ بات کی تہ کو نہیں پاتے بلا فرق و امتیاز تمام مخلوق کو عین حق سمجھنے لگیں گے اور مراتب وجود کے فرق مراتب کو فراموش کر دیں گے حلال وحرام کو یکساں جان کر حد شرع سے باہر ہو جائیں گے اس بداعتقادی اور نافرمانی کے باعث ملحدوں کے زمرہ میں شمار ہوں گے اور غیریت مجاز کا اظہار اگر چہ متبادر ہے کہ قطرہ غیر دریا ہے کسی خرابی عقیدہ اور فساد کا سبب نہیں ہوسکتا، اسی وجہ سے اس کا اظہار جائز ہے۔

اخفاء کی قسمیں:

لیکن اخفاء کی دو قسمیں ہیں، ایک یہ ہے کہ سب کی نظر سے پوشیدہ ہے جیسے ستارے کہ دن میں آسمان پر جلوہ گر ہوتے ہیں لیکن سب کی آنکھوں سے پوشیدہ رہتے ہیں۔

دوسری قسم یہ ہے کہ بعض لوگوں سے وہ مخفی ہوتا ہے اور بعض حضرات کے سامنے عیاں و نمایاں۔ جیسے ۲۹ کا چاند کہ شام کو آسمان پر نمودار ہوتا ہے تو دور بین نگاہیں دیکھ پاتی ہیں اور جن کی بینائی کمزور ہوتی ہے ان سے وہ پوشیدہ ہی رہتا ہے۔ شریعت میں وجود کا ظہور اور اخفاء مثال ثانی کے موافق ہے۔ بعض آیات و احادیث اسی معنی پر دلالت کرتی ہیں کہ ان کا سمجھنا نکتہ رسی و دقیقہ سنجی

Marfat.com

پر موقوف ہے اور یہ اخفاء اظہار راز کے اعتبار سے کہا جا سکتا ہے۔ لیکن اس راز کا اخفاء عوام سے ہے خواص سے نہیں۔

وحدت وجود پر:

سوال:

جبکہ شریعت میں وحدت وجود کا اعتبار پنہاں ہے تو اس کا جاننا ہم پر کس دلیل سے عیاں ہے؟

جواب: عارفانِ خدا جو خاصانِ بارگاہ ہیں ان کے متواتر بیان اور اولیاء عظام کے اجماع سے معلوم ہوا ہے اور جو کچھ ان سے سُنا گیا ہے وہ ہمارے لیے سند اور قابلِ اتباع ہے کیوں کہ وہ متقی وصالح ہیں۔ دل وجان سے عامل شریعت اور ظاہر و باطن میں متبع سنت ہیں اور طریق معرفت میں شریعت کی رو سے ان سے گریز ممکن نہیں۔ اور ان کا کوئی عمل اور کوئی قول استاد کی اجازت اور پیر کی رخصت کے بغیر نہیں ہوتا۔ یا انھوں نے اپنے پیر سے خود سنا ہے یا پیروں کے واسطے سے بطور تواتر سنا ہے، اسی طرح یہ سلسلہ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین تک اور ان سے آں حضرت ﷺ تک پہنچتا ہے، پس اس بات کے راوی سب ثقہ ہیں اس لیے کہ ہر ایک راہ تقویٰ کا سالک اور کذب و افترا کی راہ سے متنفر ہے ہاں جو شخص ان کو ثقہ نہ سمجھے گا وہ ان کے اقوال کا معتقد نہ ہوگا۔ لیکن یہ جب ہی ممکن ہے کہ تمام اولیاء اللہ کا انکار کرے کیوں کہ ہر سلسلے میں اس گروہ کے لوگ معتقد ہیں۔ اور اولیاء اور عارفوں کا اس پر اجماع ہے۔ جب سالک عبادت و ریاضت میں مداومت اختیار کرتا ہے تو مداومت ذکر اس پر فیض کا دروازہ کھول دیتا ہے وحدت وجود کا علم وجدان کے ذریعہ اس کے دل میں ظاہر ہوتا ہے۔ اور وجدان بھی علم کا ایک ذریعہ ہے۔ جیسا کہ کلام میں مذکور ہے۔ کہ: اسباب العلم للخلق ثلثة الحواس السلیمة و الخبر الصادق و النقل"۔ مخلوق کے لیے علم کے تین ذرائع ہیں۔ صحیح حواس، سچی خبر اور روایت۔

وجدان ذریعہ علم ہے:

وجدان کو اندرونی عقل (عقل کا دل) میں شمار کیا گیا ہے۔ جیسا کہ ہم اپنی ذات میں دیکھتے

Marfat.com

ہیں کہ ہماری بھوک پیاس، راحت وغم، لذت والم سب وجدان ہیں۔

عارفانِ خدااوراولیاء کرام کو وحدت وجود کا علم دو ذریعوں سے حاصل ہوتا ہے۔ایک تو اس راہ کے سالکوں سے جن کا سلسلۂ ارادت آں حضرت ﷺ تک پہنچتا ہے اور یہ خبر صادق ہے۔ دوسرے وجدان کہ وہ بھی خبر صادق کے مثل ہے۔

کیا احادیث میں یہ مضامین ہیں؟: سوال:

جب کہ یہ علم احادیث نبوی ﷺ سے ثابت ہے تو اس کو کتب احادیث میں کیوں نہیں بیان کیا گیا؟

احادیث میں یہ مضامین ہیں:

جواب: احادیث کی مشہور کتابوں میں جو احادیث آئی ہیں انھیں کے مضامین میں اس علم کے معانی بیان ہوئے ہیں لیکن کوتاہ بینوں کی عقل اس کے سمجھنے سے قاصر ہے پھر یہ بھی ضروری نہیں کہ آں حضرت ﷺ کی تمام احادیث حدیث کی کتابوں میں درج کرلی گئی ہوں، کیوں کہ اکثر احادیث ایسی ہیں جن کے سننے والے عام وخاص سبھی ہیں ان کو آنحضرت ﷺ نے اصحاب سے فرمایا اور حکم دیا کہ عام وخاص سب کو یہ مسائل بتادیے جائیں اور یہ باتیں سکھادی جائیں اور وہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ذریعہ سب کو معلوم ہوگئیں۔ جس کو محدثین اور مجتہدین نے جمع کیا اور کتابوں میں لکھ لیا۔

بعض احادیث صرف چند صحابہ کو معلوم تھیں:

بعض احادیث اس قسم کی ہیں کہ جن کے سننے والے گنتی کے چند لوگ ہیں اور آں حضرت ﷺ نے ان احادیث کو صرف مخصوص صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے فرمایا اور صرف اہلِ اشخاص سے بیان کرنے کا حکم فرمایا۔ جیسا کہ آپ ﷺ کا قول ہے تکلمو الناس بعقولھم لوگوں سے ان کی سمجھ کے مطابق گفتگو کرو''۔ اور فرمایا:

مَنْ وَضَعَ الْحِكْمَةَ اِلٰى غَيْرِ اَهْلِهٖ فقد ظَلَمَ ○

Marfat.com

(ترجمہ): جس نے نااہل کے سامنے حکمت کی باتیں کیں اس نے ظلم کیا۔

اور تمام صحابہ درجہ میں برابر ہونے کے باوجود یکساں نہیں تھے۔ آنحضرت ﷺ نے جس کو جس حقیقت کا اہل سمجھا اس سے وہ حقیقت بیان فرمائی۔ اور غیر اہل سے مخفی رکھی۔

حضرت ابو ہریرہؓ کی ایک حدیث:

جیسا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ انھوں نے فرمایا، میں نے رسول اللہ ﷺ سے دو ایسے علم حاصل کیے جو پوشیدہ تھے ان میں سے ایک کو تم لوگوں کے سامنے بیان کیا، لیکن اگر اس دوسرے کی اشاعت کروں تو میرا یہ گلا ہی کاٹ دیا جائے گا''(۱)

اس علم کے اخفا کا سبب:

اور جس نے اس علم کو صحابہ رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے سنا اس نے اس کی اتباع ضروری سمجھی، اس کا اظہار صرف اہل حضرات سے کیا۔ اسی طرح ہمارے زمانے تک وہ علم اس راہ کے سالکوں تک پہنچا۔ اگرچہ مجتہدان کبار اس طریقہ سے خوب واقف تھے لیکن چونکہ اس کا ظاہر کرنا مصلحت کے خلاف تھا۔ اس لیے اس کو ضبطِ تحریر میں نہیں لائے۔ بعض سالکانِ طریقت تنگی ظرف کی وجہ سے حالت سکر میں راہ شریعت سے ڈگمگا گئے اور اس راز کو عوام پر افشاء کرنے سے نہیں ڈرے۔ اسی وجہ سے ان مخفی باتوں میں سے چند ایک عوام میں پھیل گئیں، اور اہلِ شریعت نے اسی اظہار کے سبب ان کے ظاہر کرنے والوں پر قتل کا فتویٰ لگایا:

غیرت گو کہ زبانِ ہمہ خاصان برند　　　که کجا سرِ غمش در دہن عام اُفتد

غیرت سے کہو کہ افشاء راز کے جرم میں خاصانِ خدا کی زبان کاٹ ڈالے کہ کیسے ان کے غم محبت کے اسرار عوام کو معلوم ہو گئے۔

عوام کو باطنی معنی معلوم نہیں:

ہر چند کہ یہ اسرار عوام میں مشہور ہو گئے لیکن ان کے انوار ان کی نگاہوں سے اب بھی مستور ہی رہے۔ کیوں کہ وہ اس معنی میں بھی ظاہری آیات و احادیث پر عمل کرتے ہیں اور باطنی معانی

(۱) مشکوۃ شریف، جلد اول، کتاب العلم۔

Marfat.com

کے دروازے ان پر اب بھی نہیں کھلے۔

اسرار ازل بقال نتواں دانست — بے نشۂ وجد و حال نتواں دانست
تاکسب کمال نکنی ایں معنی — از گفتۂ کسے کمال نتواں دانست

ازل کے اسرار فال دیکھ کر نہیں معلوم ہو سکتے۔ اس کو وجد و حال کی کیفیت کے بغیر نہیں جانا جا سکتا۔ جب تک خود کمال حاصل نہ کرے دوسروں کے بتانے سے کمال معلوم نہیں ہو سکتا۔

باطنی معنی ظاہر آیات واحادیث کے خلاف ہیں؟:

یہ بات خوب ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ کوئی باطنی معنی ظاہر آیات واحادیث کے مخالف نہیں ہو سکتا ورنہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم پر جھوٹ کا گمان ہوگا۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ اگر کوئی مدعی ولایت کوئی بات خلاف شرع بیان کرے یا اسے ظاہر ہو اور وہ جملہ اسرار میں شمار کرے تو ہرگز اس کو قبول نہ کرنا چاہیے اور بے شک وشبہ رد کر دینا چاہیے کہ نہ تو وہ پروردگار عالم کی جانب سے اسرار ہیں اور نہ ہی سید الاخبار کی حدیث ہے بلکہ وہ پوری کی پوری بات محض کذب و افترا ہے جو گمراہ کن ہے۔ وہ شیطانی وسوسہ ہے اور نفس وخواہش کی اتباع۔ اس لیے کہ ''ہر باطن جو ظاہر معنی کے مخالف ہو وہ باطل ہے''۔ وہ چند نکات ہیں کہ خاصانِ خدا ان کے اخفا پر مامور ہیں۔ ان کی یہ تین قسمیں ہیں۔

تین مخفی اسرار عشق:

اوّل بعضے اسرار عشق ہیں کہ ان کو عوام پر ظاہر کرنا خلاف ادب ہے۔

دوم انوار توحید:

دوسرے انوار وحدت وتوحید ہیں کہ دنیا کو ان کا بتانا حفظ مراتب سے قطع نظر کرنا ہے۔

سوم اخبار کرم ورحمت:

بعض کرم ورحمت کی خبریں ہیں کہ ان کو نادانوں سے کہنا آیات وعید کے انکار کا سبب ہوگا اور فسق وفجور پر جرأت کا باعث بنے گا۔ عوام سے جو خبر اور امر پوشیدہ رکھا گیا ہے ان کے پوشیدہ رکھنے کے یہی راز ہیں۔

Marfat.com

بعض اذکار واشغال کی بحث:

بعضے اذکار واشغال جو مرشدان صاحب کمال اپنے طالب وصال مریدوں کو علم وحدت اور زیاد عشق ومحبت کے لیے تلقین کرتے ہیں اور وہ اذکار واشغال کتاب وسنت سے ظاہری سند نہیں رکھتے ہو سکتا ہے کہ وہ بھی اسی قسم کے ہوں اور الہامات خداوندی ان کی دلیل ہو۔ جیسا کہ بعض نمازیں اور دعائیں جنھیں اولیاء اللہ نے پڑھنے کے لیے فرمایا اور ان کے فوائد بیان کیے اور ان کے علم کا ذریعہ الہام ربانی ہو۔ اگر بدعت ثابت ہو تو بدعت حسنہ کہی جائے گی۔ اور ایسے عمل جو نفس کی ہلاکت اور ہوا وہوس کی تباہی کا سبب ہو شریعت میں پسندیدہ بھی ہے اور افضل بھی۔ اس لیے کہ احکام شریعت مطہرہ پر عمل اور بے ریاء اور عجز وانکسار سے بجا لانا نفس کی ہلاکت اور ہوا وہوس کی مخالفت پر منحصر ہے ہر وہ عمل جس سے یہ بات حاصل ہو شریعت میں مستحسن اور پسندیدہ ہے۔

خلاف شرع عمل کا حکم:

مگر جو عمل نامشروع ہے اس کا ارتکاب نیک نیتی کے ساتھ بھی ممنوع ہے۔ اس لیے کہ خلاف شرع اعمال سے فائدہ کی امید خیال خام ہے اور اس کا مرتکب احمق اور نااہل ہے۔ گناہ نیک نیت کے ساتھ بھی عبادت نہیں ہو جاتا۔

اولیاء کرام کے خلاف شرع اعمال کے متعلق:

سوال:

بعض کامل بزرگوں نے اپنے مریدوں کو خلاف شرع عمل کا حکم دیا ہے اور اس عمل کے ہی سبب کشود کار ہوا ہے اس کا کیا سبب ہے؟

جواب:

ان کے کشود کار کا سبب وہ عمل نہیں ہے بلکہ ان نیک اعمال کا ثمرہ جو گناہ کے ساتھ ظہور میں آیا ہے۔ کیوں کہ اگر اس کے کشود باطن کا سبب وہ خلاف شرع عمل ہوتا تو جو لوگ اس گناہ میں مبتلا

Marfat.com

ہیں ان کو بھی وہی مقام حاصل ہو جاتا۔

شاہ شجاع کرمانی کی حکایت:

مشہور ہے کہ شاہ شجاع کرمانی رحمۃ اللہ علیہ طلب حق میں چالیس رات جاگتے رہے اور اس پوری مدت میں پلک بھی نہ جھپکی۔ چالیس روز کے بعد نیند طاری ہوگئی اور ایک گھنٹہ سو رہے۔ ناگاہ خدائے لایزال کا جمال جس کے لیے ہمیشہ بے تاب رہتے تھے خواب میں دیکھا اور اس نیند میں عرض کیا کہ خداوندا میں جس کی طلب میں رات دن دوڑتا رہا تعجب ہے کہ اپنے اس مطلوب کو خواب میں پایا۔

جواب میں آیا کہ اے ناسمجھ! جمال لایزال کی دولت جو تجھے خواب میں میسر آئی یہ اسی بیداری کی بدولت ہے جو تلاش حق میں راتیں گذاریں اگر تو ہمیشہ خواب نوشین کے مزے لیتا تو تیرا نصیبہ نہ جاگتا اور خواب کی یہ نعمت نہ پاتا۔

خلاف شرع اعمال کے بتانے کا سبب:

بعض پیر جو کسی مرید کو کبھی کبھی خلاف شرع عمل کا حکم دیتے ہیں اس وجہ سے دیتے ہیں کہ وہ بعض گناہ سے روکتے ہیں۔ بعض چیزیں جو اس راہ کی مانع ہیں جیسے شراب پینا، امردوں سے ربط رکھنا، دماغ سے غرور کو نکال دیتی ہیں اور بھیک مانگ کر روٹی کھانے سے تکبر ٹوٹتا ہے۔ اس بناء پر مرشدان کامل جنھیں مریدوں کے دلوں کی طینت معلوم ہوتی ہے جب دیکھتے ہیں کہ اس راہ کے موانع میں سے کوئی مانع اس کی طبیعت میں جڑ پکڑ گیا ہے تو اس کی طبیعت کو پاک صاف کرنے کے لیے وقتی طور پر ایک ایسے گناہ کی اجازت دیتے ہیں جس سے وہ مرض زائل ہو جاتا ہے، علاج کے بعد فوراً ہی اس کو اس ہلاکت گاہ سے باہر لاتے ہیں اور اس خلاف شرع فعل سے روک دیتے ہیں۔

”بے سجادہ رنگین کن،“ کی تفسیر:

میلے کپڑے کو پانی سے دھوتے ہیں لیکن صاف نہیں ہوتا، تو اس کو صابن لگا کر صاف کرتے

Marfat.com

ہیں۔صابن کے استعمال سے کپڑے کا میل دور ہو جاتا ہے اور ساتھ ہی صابن کو بھی دھو کر بہا دیتے ہیں۔ کپڑے میں لگا نہیں رہنے دیتے۔لیکن یہ علاج اس وقت کرتے ہیں جب دوسرے علاج کارگر نہیں ہوتے۔حافظ:

بے سجادہ رنگین کن گرت پیر مغاں گوید
کہ سالک بے خبر نہ بود ز راہ و رسم منزلہا

علماء ظاہر و باطن ہم عقیدہ ہیں:

جن عقائد کے علماء ظاہر معتقد ہیں علماء باطن بھی ان میں متحد ہیں۔یعنی جو علماء کے عقائد ہیں وہی عقائد عارفوں کے بھی ہیں۔ان عالموں کے دل عقل کے نور سے بینا ہیں عارفوں کے یہاں یہ حقیقت ظاہر اور ہویدا ہے۔کیوں کہ علماء کا اعتقاد یہ ہے کہ حق تعالیٰ کی پاک ذات یکتا و تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، عرفاء کا بھی یہی عقیدہ ہے کہ خدائے پاک و برتر یکتا و منزہ ہے اس کا کوئی مثل نہیں، بلکہ وجود شرکاء سے بھی مقدس و معرّا ہے کیوں کہ وحدہٗ لاشریک لہٗ میں شرکاء کی مطلق نفی ہے۔عارفانِ حق ماسوا اللہ کا حکم یہیں سے اخذ کرتے ہیں (کہ ماسواء کچھ نہیں ہے) اور جو فرق حق اور خلق کے درمیان علماء کے یہاں معتبر ہے وہی فرق عارف بھی مانتے ہیں جیسا فرق قطرہ و دریا میں نظر آتا ہے وہی فرق اطلاق کے اعتبار سے حق اور خلق میں پایا جاتا ہے۔علماء فرماتے ہیں کہ خدا کی ذات جس طرح ازل میں منزل اور مقدس تھی اسی طرح آج بھی بلا تغیر ویسی ہی پاک ہے۔عرفا بھی اسی کے قائل ہیں کہ وہ ذات باعتبار اطلاق جیسی اس وقت تھی اس وقت بھی ہے۔اور یہ کہ علماء خلق کو غیر حق شمار کرتے ہیں، عرفا اس کا انکار نہیں کرتے بلکہ وہ بھی غیریت مجازی ثابت کرتے ہیں۔احکام میں یہ غیریت علماء کے عقیدہ کے موافق ہی ہے۔اور علماء جو یہ کہتے ہیں کہ مخلوق کا وجود اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی خلقت کے اثر سے ہے تو عرفا بھی اسی کے معتقد ہیں کہ تعینات غیر سب کے سب اس کی قدرت و صفت کے مظاہر ہیں کیوں کہ اگر کوئی قادر مطلق اور صانع عالم نہ ہوتا تو کس طرح گونا گوں تعینات کے پردے میں ظہور فرماتا۔

Marfat.com

وحدت وجود و تعینات پر سوال:

جب تمام چیزوں کا وجود اس کی ذات کا ظہور ہے اور تمام عالم کی صفات اس کی صفات کا ظہور ہیں اور اس کی ذات وصفات ازل سے ابد تک ایک حال پر قائم اور تغیر وزوال سے منزہ ہے تو جو شخص عالم میں تغیر قبول کرتا اور بدلتا رہتا ہے وہ کون ہے اور جو چیز عدم سے وجود میں آتی ہے اور وجود سے عدم میں چلی جاتی ہے وہ کیا ہے؟

جواب:

وہ سب اسی کے تعینات وتلبسات ہیں جو عدم سے وجود میں آتے اور وجود سے عدم کو جاتے ہیں اور ذات مطلق کے مختلف ارادہ کے ساتھ متغیر ہوتے رہتے ہیں اور یہ سب امور اعتباریہ ہیں حقیقی نہیں۔ عالم کا وجود موجودات اعتباریہ سے ہے حقیقی نہیں ہے کیوں کہ وہ سب اعراض ہیں، جوہر نہیں ہیں۔ یعنی حقیقت کے اعتبار سے وہ اعراض ہیں ظاہر کے اعتبار سے نہیں۔ اور اس نکتہ کی فہم طبع قاصر سے بعید ہے۔ پس اس کی ذات خالق اور صانع ہے اور مخلوق ومصنوع اس کے تعینات ہیں۔ اس کی ذات جس طرح ازل میں صفات کمال سے موصوف تھی ویسے ہی آج بھی موصوف ہے اور تغیر وتبدیلی جو کچھ نظر آتی ہے یہ تعینات وتلبسات پر ہوتی ہے۔

گر بگردانی بیک دم صد لباس — نیست تبدیلی بذاتت در قیاس

(ترجمہ) اگر تو بیک وقت سو لباس کرے جب بھی تیری ذات میں کوئی تبدیلی نہیں سمجھی جائے گی، ذات تو وہی ہوگی ہاں لباس بدلتے جائیں گے۔

آئینہ کی مثال:

حق تعالیٰ تعینات کے وجود سے نہ بڑھتا ہے نہ ان کے معدوم ہونے سے کوئی کمی اس کی ذات میں آتی ہے۔ مثلاً اگر کسی شخص کے سامنے سو آئینے ہوں تو ہر آئینے میں اس کی ذات کا عکس ظاہر ہوگا۔ لیکن وہ شخص اپنی جگہ سے جنبش بھی نہ کرے گا اور ہر آئینہ میں موجود ہوگا۔ یا وحدت سے نکل کر کثرت قبول کرے گا۔ باوصف وحدت کثرت میں جلوہ گر ہوگا۔ جب آئینہ کو

Marfat.com

سامنے سے ہٹادیں گے تو اس کے عکس معدوم ہو جائیں گے۔ اور وہ شخص بذات خود موجود رہے گا اور اس کے کمال میں کوئی کمی واقع نہ ہوگی اور بعض شکستہ اور ناہموار آئینوں میں عکس صحیح نہیں آتا اور اصل کے مطابق نہیں ہوتا۔ بلکہ صورت بری، غلط اور کج مج نظر آتی ہے۔ اس خرابی اور کجی کے ساتھ نظر آنے والی چیز بھی عکس ہی ہے نہ کہ اصل ذات۔ کیوں کہ وہ شخص اپنی اصلی حالت میں اپنی جگہ پر ہے۔ لیکن اس مثال سے یہ نہ سمجھا جائے کہ تعینات اور تلبسات قادر و قیوم کی ذات کا عکس ہیں۔ کیوں کہ عکس اصل کا غیر ہے اور غیر حق معدوم ہے۔ بلکہ اس تمثیل سے مراد یہ ہے کہ جیسا کہ وجود و عدم سے عکس میں تغیر و تبدل ہوتا ہے اور لوگوں کی شکل میں کوئی تغیر، تبدیلی یا منتقلی واقع نہیں ہوتی اس طرح ذات حق ظہور میں کثرت تعینات کے ساتھ متغیر نہیں ہوتی۔

عین ذات کی جلوہ گری: روضہ:

